(یہ کتاب صرف شیعہ اثناء عشری حضرات کے لیے ہے)

# نمازِ جعفریہ شیعہ اثناء عشریہ

تُراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

تُراب پبلیکیشنز لاہور

دکان نمبر 9، گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ

38-غزنی سٹریٹ، اُردو بازار لاہور

فون: 0345-8512972

نوٹ: التماس سورۂ فاتحہ برائے بانی ادارہ تراب پبلی کیشنز شہیدِ ولایت علّامہ ناصر عباس ملتان

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

تراب پبلیکیشنز لاہور

دکان نمبر 9، گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ
38-غزنی سٹریٹ، اُردو بازار لاہور
فون: 0345-8512972
molai512@gmail.com
www.facebook.com/turabpublishers

# انتساب

شہیدِ ولایت علّامہ ناصر عباس، ملتان اعلی اللہ مقامہ

شہید علّامہ فاضل حسین علوی اعلی اللہ مقامہ

شہید علّامہ کاظم حسین اسیر جاڑوی اعلی اللہ مقامہ

مبلغِ اعظم مولانا محمد اسماعیل اعلی اللہ مقامہ

مخدوم سیّد منظور حسین شاہ (کوٹ سلطان) اعلی اللہ مقامہ

اور

تمام شہدائے ملّتِ جعفریہ کے نام

جو ولا و عزا کے لیے شہید ہوئے۔

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

اِس کتاب میں چار معصومین علیہم السلام سے تشہد نماز میں علیؑ ولی اللہ تحریر کیا گیا ہے اور چھے زندہ مجتہدین کی توضیح المسائل کے حوالہ جات بھی شامل ہیں اور پندرہ زندہ مجتہدین کی کتابوں کے حوالہ جات بھی شامل ہیں اور کُل ۱۱۰ حوالہ جات دیئے گئے ہیں۔

0345-8512972

بسم الله الرحمن الرحيم

تُرابُ پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

# نمازِ جعفریہ شیعہ اثناء عشری

شیعہ اثناء عشری حضرات کے لیے

# ترتیب


* تقریظ 11
* احکامِ تقلید 14
* کلمہ طیبہ 17
* احکامِ طہارت 18
* وضو کے احکام 19
* مبطلات وضو 21
* اذان ومؤذن کی فضیلت 23
* اذان 25
* اقامت 27
* تیمّم 28
* احکامِ نماز 29
* نمازِ جماعت 31


تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

* جن چیزوں سے نماز ٹوٹتی ہے 33
* نمازِ تہجد 33
* نمازِ شُفع 34
* نمازِ وتر 34
* نیت و تکبیرۃ الاحرام 35
* رکوع 37
* سجود 39
* قنوت 41
* تشہد 41
* سلام 43
* تسبیح سیدۃ النساء العالمین سلام اللہ علیہا 44
* تسبیح کی ابتداء 44
* سجدۂ شکر 45
* احکامِ سجدہ 48
* روزہ 49
* اعمال شبِ قدر 52


تراب پبلیکیشنز
دکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0345-8512972

| | |
|---|---|
| ❃ نماز قضائے عمری | 54 |
| ❃ فطرہ | 55 |
| ❃ عیدنماز | 56 |
| ❃ پہلا خُطبہ عیدالفطر | 57 |
| ❃ دوسرا خُطبہ عیدالفطر | 58 |
| ❃ عیدالاضحیٰ | 60 |
| ❃ پہلا خُطبہ عیدالاضحیٰ | 62 |
| ❃ دوسرا خُطبہ عیدالاضحیٰ | 65 |
| ❃ اقسام غسل واجب | 67 |
| ❃ نمازِ پنجگانہ کی تعداد رکعات | 71 |
| ❃ خُطبہ اوّل جمعۃ المبارک | 75 |
| ❃ دوسرا خطبہ جمعۃ المبارک | 76 |
| ❃ کیفیت غسل میت | 78 |
| ❃ کفن میت | 79 |
| ❃ نمازِ جنازہ | 81 |
| ❃ تلقین مرد | 83 |


تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

- تلقینِ عورت 86
- خطبہ نکاح 90
- صِیغۂ نکاح 91
- عقدِ سیّدہ با غیر سیّد مُطلقاً حرام ہے 95
- قرآن اور تفاسیر آلِ محمدؑ کی روشنی میں 98
- حوالہ جات 98
- تمام مسائل کا واحد حل ظہورِ امام زمانہؑ 122
- حکومت الٰہیہ کا نفاذ 124
- نمازِ امام جعفر صادق علیہ السلام 124
- ضروری وضاحت: 132
- نماز میں ہاتھ کھولنا 134
- تراویح 141
- سورۂ فاتحہ کی اپیل 143


تراب پبلیکیشنز
38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

❁❁❁

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

قارئین محترم! السلامُ علیکم تحفہ یا علیؑ مدد!

ولایت اہل بیت علیہم السلام اساسِ ایمان اور روحِ عبادت ہے اگر اقرارِ ولایت نہیں تو عبادت جسم ہے مگر اس میں روح نہیں کوئی عبادت بھی بارگاہِ خداوندی میں شرفِ قبولیت نہیں پاسکتی جب تک اقرارِ ولایتؑ نہ ہو۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے ہماری ولایت کا اقرار کرنے والے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ سارے اعمال بارگاہ خداوندی میں قبول ہیں اور جو شخص ہماری ولایت کا انکار کرتا ہے خدا کے نزدیک اس کا کوئی عمل بھی قابل قبول نہیں۔ اقامتِ نماز کا مرکز ومحور ولایت ہے اول سے آخر تک افتتاحِ نماز سے اختتامِ نماز تک ولایت ہی روحِ نماز ہے بے روح نماز اللہ تعالیٰ قبول نہیں کرتا۔ منکرین ولایت کی نماز کو اللہ نے یہ فرما کر ردّ کردیا کہ وہ نمازی جو نماز سے غافل ہیں ان کے لیے وَیل ہے۔ یعنی حقیقت نماز اور نمازِ وجودی کے منکر ہیں وہ دکھاوا کررہے ہیں اصل نمازی وہ ہیں جو ولایتِ علیؑ کا اقرار کرتے ہیں۔ معصومین علیہم السلام نے افتتاحِ نماز سے اختتامِ نماز تک

0345-8512972

دُعائے توجہ ہو یا قنوت، صلوات ہو یا تشہد وسلام، ولایتؑ کا خصوصیت سے ذکر فرمایا ہے۔

آغا خمینی نے اپنی کتاب سر الصلوٰۃ، ص 68 پر لکھا ہے:

قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃِ انَّ بِعَلِیٍّ قَامَتِ الصَّلٰوۃ

''نماز قائم ہوچکی یقیناً نماز قائم ہی علیؑ سے ہوتی ہے''۔

شہادتِ ولایت علیؑ کو جزو کیوں نہیں سمجھا جاتا۔ فرماتے ہیں: ''بوجہ تکذیب علماء اعلام ایں روایات را احتیاط اقتضاء کند'' اس وجہ سے کہیں علماء کی تکذیب نہ ہوجائے اس کے بعد آغا خمینی لکھتے ہیں ولایت کی شہادت رسالتؐ کی گواہی کے ساتھ ضروری ہے کیونکہ ولایتؑ ہی رسالت کا باطن ہے واحدانیت کے لیے دو گواہیاں ضروری ہیں اور رسالتؐ کے لیے بھی دو گواہیاں ضروری ہیں اور ولایتؑ کی گواہی کے لیے بھی دو گواہیاں ضروری ہیں۔ (بحوالہ پرواز در ملکوت جلد دوم، ص 50 تالیف آغا خمینی)

ہماری درس گاہ جامعہ صاحب الزمانؑ جو کہ ملک بھر میں تحفظ ولایت علیؑ، تحفظ عزاداری حسینؑ اور تحفظ ناموسِ سادات کے حوالے سے اپنی مثال آپ ہے ہم نے کنز المدفون کے حوالے سے مومنینِ پاکستان کو مالا مال کیا۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ۔

ہم نے سینکڑوں بلکہ ہزاروں کی تعداد میں فاضل شاگرد پیدا کیے جو کہ

حوزہ ہائے علمیہ قم ونجف اور شام میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ کچھ واپس آ کر ملک وقوم کی احسن طریقے سے خدمت انجام دے رہے ہیں۔ انہی میں سے ایک شاگردِ رشید مولانا موالی صاحب جنہوں نے وقت کی ضرورت کو پیشِ نظر رکھ کر یہ کتاب نمازِ جعفریہ شیعہ اثناء عشریہ تحریر کر کے مومنین کو بیدار کرنے کی کوشش کی ہے جو مولویوں کے عماموں اور قباؤں سے متاثر ہو کر ان کی ہر بات کو وحی الٰہی سمجھتے ہیں اور معصومینؑ کے فرامین کو جھٹلا دیتے ہیں۔

بارگاہِ اَحدِیَّت میں دعا کرتا ہوں جس کے نزدیک کثرتِ عمل معیار نہیں بلکہ خلوص وحسنِ عمل تقرب کا ذریعہ ہے۔ کتاب کے مصنف شاگردِ رشید موالی صاحب کی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔ دُعا ہے کہ خدا تعالیٰ بحق محمدؐ وآلِ محمدؑ موالی صاحب کے قلم میں مزید طاقت عطا فرمائے تاکہ معصومینؑ کا پیغام لوگوں تک پہنچاتا رہے اور مومنین کرام کو اس کتاب نماز جعفریہ کے پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

اَللّٰھُمَّ عَجِّل لِوَلِیِّكَ الْفَرَجَ وَالْعَافِیَةِ وَالنَّصْرِ

والسلام، اُستاذ العلماء العلامۃ المجاہد

علامہ السید محب حسین نقوی النجفی

پرنسپل جامعہ صاحب الزمانؑ

نیو گلگشت ملتان (پاکستان)

# احکامِ تقلید

امامؑ مفترض الاطاعت (جس کی اطاعت کرنا اللہ کی طرف سے فرض ہو) کی تقلید کرنا فرض ہے۔ (بحوالہ اصول کافی کتاب عقل باب 19)

محمد بن عبیدہ سے روایت ہے کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا:

"اے محمد تم شیعہ اپنے امامؑ کی بات زیادہ سننے والے ہو یا تمہارے مخالف؟" میں نے کہا انہوں نے بھی تقلید کی اور ہم نے بھی تقلید کی۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا میرا سوال یہ نہیں ہے۔ میں نے عرض کی اس کے علاوہ میرے پاس جواب نہیں ہے۔ امام معصومؑ نے فرمایا میرا کہنا یہ ہے کہ مرجیعہ فرقے نے بھی ایسے کو اپنا امام بنایا جس کی اطاعت اُن پر فرض نہ تھی مگر اس پر بھی انہوں نے اس کی تقلید کی اور بات مانی اور تم نے امامؑ مانا ایسے شخص کو جس کی اطاعت کو تم نے فرض سمجھا ہے اس پر بھی تم نے اس امام کی تقلید نہ کی۔ پس تقلید کے بارے میں وہ تم سے زیادہ ہیں۔

میں نے اصول کافی سے حدیثِ تقلید تحریر کر دی ہے اصولِ کافی کتبِ اربعہ (چار معتبر کتب شیعہ) میں سے مشہور ترین کتب میں سے ہے۔ باقی

تینوں کتب میں باب تقلید نہیں ہے اس حدیث میں بھی اطاعت ہو یا تقلید
یا بیعت فقط اور فقط معصوم امامؑ کی ہے ہاں اگر غیر معصوم سے مسائل پوچھیں
اگر وہ قرآن اور حدیث سے بتائے تو قابل قبول ہے۔ایک ہی عالم کا دامن
پکڑنے سے بیعت کے زمرے میں آجائیں گے جس طرح لوگوں سے
پوچھا جاتا ہے کس کی تقلید کرتے ہو کہتے ہیں فلاں کی وہ جو کچھ کہے گا صحیح
کہے یا غلط ہمیں قابل قبول ہے حساب کتاب اسی کی گردن پر جب کہ قرآن کا
فیصلہ ہے کوئی کسی کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا اس طرح وہ بیچارے انجانے میں
بیعت کے زمرے میں چلے گئے ہیں اگر قرآن اور معصومؑ کا فرمان پیش کیا
جائے تو کہتے ہیں ہمارے مجتہد نے نہیں لکھا یعنی مجتہد کو قرآن اور معصومؑ پر
ترجیح دیتے ہیں (معاذاللہ)۔حالانکہ رسولؐ پاک کا ارشاد گرامی ہے: ”میں
تم میں دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں ایک قرآن اور دوسرا اہل
بیتؑ اگر تم ان سے متمسک رہو گے تو کامیاب ہو گے اور نجات پا جاؤ گے اور
کبھی گمراہ نہیں ہو گے اور حوضِ کوثر پر مجھ سے آکر ملو گے“۔

اور جو حدیث تقلید کے بارے بیان کی جاتی ہے۔امامؑ نے فرمایا کہ
فقہاء میں سے جو خواہشاتِ نفسانی کا مخالف ہو دین کی حفاظت کرنے والا ہو
اور ”مُطِیْعًا لِاَمْرِ مُوْلَاہُ۔۔۔“ اپنے مولاؑ کے اَمر (حکم) کا مطیع ہو ذاتی
فتوے دینے والا نہ ہو بلکہ امام معصومؑ کا فرمان بتائے۔اور جو ایسا نہیں

کرے گا وہ لشکر یزید سے بدتر ہے۔تقلیدی حضرات مکمل حدیث بیان نہیں کرتے اسی تقلید والی حدیث میں امامؑ نے علماءِ سُوء کی مذمت فرمائی ہے۔

اور دوسری حدیث جو تقلید پر پیش کی جاتی ہے اس میں امامؑ نے فرمایا:

"فَارْجِعُوْا اِلٰی رُوَاۃِ اَحَا دِیْثِنَا" کہ حدیثوں کے راوی کی طرف رجوع کریں نہ کہ قیاسی گھوڑے دوڑانے والے کی طرف اور مقصرین بھی بضد ہیں کہ منکرِ ولایت علیؑ کی تقلید کریں گے حالانکہ چاہیے تو یہ تھا کہ منکرِ ولایت کو چھوڑ دیتے اور عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہ لکھنے والے کی تقلید کرتے کیونکہ ہم ولایتِ علیؑ کو مولوی کی وجہ سے نہیں مانتے بلکہ قرآن و حدیث اور فرمانِ معصوم کی وجہ سے مانتے ہیں اور مولوی کو مولاؑ کی وجہ سے مانتے ہیں کہ یہ معصومینؑ کے ماننے والا ہے اگر مولوی ہمارے مولا کو ماننا چھوڑ دے ہم اُس مولوی کو نہیں مانیں گے افسوس کی بات ہے کہ ولایت فقہیہ واجب ہے اور ولایت علیؑ باطل (معاذ اللہ) یہ ہے مولوی کی تقلید ایسے مولویوں کو ہم ہرگز نہیں مانتے اور نہ ہی اندھی تقلید کرنے والے مقلدین کو۔

ولایتِ علیؑ پر ہمارا عقیدہ اور ایمان کامل و اکمل ہے اور ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اِس پر ثابت قدم رکھے۔(آمین)

0345-8512972

# کلمہ طیبہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَّلِیُّ اللّٰہِ
وَصِیُّ رَسُوۡلِ اللّٰہِ وَ خَلِیۡفَتُہٗ بِلَا فَصۡلٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

تراب پبلیکیشنز

**نوٹ:** کلمہ میں عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہ معصومین علیہم السلام بالخصوص رسول پاکؐ، امام محمد باقرؑ، امام جعفر صادقؑ، امام علی رضاؑ، اور ان کے خادم جبرائیل امینؑ سے مروی ہے۔ بحوالہ احتجاج طبرسی تفسیر قمی، تفسیر البرھان، ترجمہ و تفسیر مقبول احمد دہلوی پارہ نمبر 22 سورہ فاطر آیت نمبر 10، سورت روم آیت نمبر 30، کی تفاسیر میں بھی کلمہ میں عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ تحریر ہے۔ معالی السبطین میں امام حسن علیہ السلام کی آخری وصیت میں کلمہ میں وَخَلِیۡفَتُہٗ بِلَافَصۡل تحریر ہے۔ یاد رہے مولوی ڈھکو نے اپنی اسلامی نماز صفحہ 11 پر خَلِیۡفَتُہٗ بِلَافَصۡل تحریر نہیں کیا اس کا مطلب یہ ہے وہ دوسروں کو بِلَافَصۡل مانتا ہے۔

تفسیر قمی میں پارہ 28 سورۂ نجم کی تفسیر میں حدیث قدسی میں بھی خَلِیۡفَتُہٗ بِلَافَصۡل کے الفاظ تحریر ہیں۔

# احکامِ طہارت

طہارت ایسی صفائی اور ستھرائی کو کہتے ہیں جو شرعی احکام کے تحت کسی نجاست کو دُور کرنے کے لیے کی جائے لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ پہلے آپ نجاست کے بارے جان لیں۔

۱ ناصبی: ناصبی وہ ہوتا ہے جو اہل بیتؑ کے شیعوں سے دشمنی رکھتا ہو

۲ مشرک (جو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کو اللہ کہے یا مانے)

۳ کافر ۴ پیشاب ۵ پاخانہ ۶ مَنِی ۷ مُردار

۸ ایسے جاندار کا خون جس کا خون اُچھل کر نکلتا ہو

۹ کتا ۱۰ سُوَر ۱۱ شراب اور مست کرنے والی کوئی بھی مائع چیز

۱۲ نجاست خور حیوان کا پسینہ

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38- غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512572

**ترکیب اِستبراء:** مستحب ہے کہ پیشاب کرنے کے بعد استبراء کرے اس کی ترکیب یہ ہے کہ مقامِ پیشاب سے لے کر عضوِ تناسل کی جڑ تک انگلی سے تین مرتبہ سونتے اس کے بعد عضو کی جڑ سے سرِ حشفہ (ختنہ گاہ) تک دو انگلیوں کی مدد سے تین مرتبہ کھینچے پھر تین مرتبہ نچوڑے۔ جاننا چاہیے استبراء کے بعد اگر کوئی رطوبت خارج ہو جائے اور یہ معلوم نہ ہو کہ پیشاب

ہے یا کوئی اور تری تو وہ پاک ہے۔

# وضو کے احکام

نماز کے لیے سب سے پہلی چیز طہارت ہے یعنی جب انسان نماز کا ارادہ کرے تو اس کا جسم، لباس اور وہ جگہ پاک ہونی چاہیے جہاں اسے نماز پڑھنی ہے طہارت کے بعد دوسرا مقدمہ وضو ہے جس کے لیے مندرجہ ذیل چیزیں ضروری ہیں۔

**نیت**: جس طرح ہر کام کے لیے نیت ضروری ہے اسی طرح وضو کے لیے بھی نیت ضروری ہے نیت کا تعلق دل سے ہے دل میں ارادہ کر لینا اور مقصد و غرض مقرر کر لینا یہی نیت ہے اور اس کے لیے زبان سے الفاظ ادا کرنا ضروری نہیں وضو سے پہلے یہ نیت کرنی چاہیے۔

"وضو کرتا ہوں یا کرتی ہوں واسطے رَفع ہونے حَدَث کے
اور مباح ہونے نماز کے وَاجِبْ قُرْبَۃً اِلَی اللہ"

وضو کا پانی خالص ہو یعنی ایسا پانی نہ ہو جس میں باہر سے کوئی چیز آ کر مل گئی ہو اور اس کا رنگ بُو ذائقہ تبدیل نہ ہو گیا ہو۔ غصب شدہ پانی سے وضو درست نہیں غصب شدہ جگہ پر بیٹھ کر وضو کرنا بھی درست نہیں بلکہ ضروری

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

ہے مالک سے اجازت لی جائے۔جس برتن میں وضو کا پانی ہو وہ سونے یا چاندی کا نہ ہو اور نہ اس پر کوئی تصویر بنی ہوئی ہو۔وضو خود کرنا چاہیے اور وضو کرتے وقت کوئی وضو میں مدد نہ کرے البتہ بحالت مجبوری جائز ہے۔اس بات کا یقین کر لینا چاہیے کہ پانی وضو کے تمام اعضاء تک پہنچ جائے اس سلسلے میں ہر رکاوٹ مثلاً چکنائی اور انگوٹھی اتار لینی چاہیے اگر مرد یا عورت نے گھڑی یا چوڑیاں پہنی ہوئی ہیں تو ان کے نیچے تک پانی پہنچانا ضروری ہے۔وضو کرتے وقت باتیں نہیں کرنی چاہییں وضو کرتے وقت تین مرتبہ کلی کریں اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈال لیں یہ مستحبات میں سے ہیں۔پھر ایک چلو پانی لے کر دو مرتبہ چہرے کو دھوئے چہرے کی حد پیشانی کے اوپر سر کے بالوں کے اگنے کی جگہ سے لے کر ٹھوڑی کے نیچے تک لمبائی اور چوڑائی میں چہرے کا وہ حصّہ ہے جو ہاتھ کے انگوٹھے اور درمیانی انگلی کے گھیرے میں آ جائے۔چہرے کا دھونا پیشانی کے اوپر سے شروع کرے اور ٹھوڑی پر ختم کرے اس بات کا یقین کر لے کہ چہرے کا کوئی بھی حصّہ خشک نہیں رہ گیا اس لیے چہرے پر چند مرتبہ ہاتھ پھیر لینا چاہیے۔اس کے بعد دایاں ہاتھ کہنی سے لے کر انگلیوں کے سروں تک دھوئے اگر ہاتھوں میں گھڑی، انگوٹھی یا چوڑیاں ہوں تو ان کے نیچے تک پانی پہنچائے پھر بائیں

0345-8512972

ہاتھ پر ایک مرتبہ اسی طرح پانی ڈالے۔منہ اور ہاتھوں کو ایک مرتبہ دھونا واجب ہے دوسری مرتبہ مستحبات میں سے ہے اس سے زائد حرام ہے اور وضو باطل ہوجاتا ہے اور ٹونٹی کے نیچے ہاتھ لے جا کر نہیں دھونے چاہییں بلکہ چلّو میں پانی لے کر دونوں ہاتھوں کو دھونا چاہیے۔مرد جب ہاتھوں کو دھوئے تو پانی اپنے ہاتھ کی پشت یعنی کہنیوں پر ڈالے جبکہ عورت اس کے برعکس ہاتھ دھوئے اور پانی اپنے ہاتھ کے سامنے والے حصّے پر ڈالے اِفعال وضو کو پے دَر پے بجا لائے کسی عضو کے دھونے یا مسح کرنے میں اتنی دیر نہ کرے جس کی وجہ سے پہلے اعضاء خشک ہوجائیں ورنہ وضو باطل ہوگا۔اس کے بعد کم از کم تین انگلیوں سے سر کے اگلے حصّے کے اوپر سے لے کر بال اُگنے کی جگہ ماتھے کے اوپر تک (جہاں سے بال اُگنا شروع ہوتے ہیں) مسح کرے۔دو انگلیوں سے مسح کرنا کافی نہیں ہے۔پھر دائیں ہاتھ سے دائیں پاؤں کا مسح کرے اور بائیں ہاتھ سے بائیں پاؤں کا مسح کرے۔پاؤں کا مسح کرنے کا طریقہ یہ ہے۔کہ اپنی ہتھیلی پاؤں کی انگلیوں کے سِرے پر رکھ کر ٹخنے والی اُونچائی تک گھسیٹتا ہوا لے جائے۔سر اور پاؤں کا مسح کرتے وقت یہ خیال رکھنا چاہیے کہ صرف ہاتھ حرکت کرے سر اور پاؤں حرکت نہ کریں۔

0345-8512972

# مبطلات وضو

سات چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے:

① پیشاب ② پاخانہ ③ منی نکلنا

④ ریح (مقام پاخانہ سے گیس نکلنا)

⑤ نیند جو عقل کو زائل کردے

⑥ مستی ⑦ بے ہوشی۔

اگر ہڈی ٹوٹ جانے یا زخم آنے کی وجہ سے انسان نے کوئی لیپ یا پٹی باندھی ہو اور زخم والی جگہ پر پانی پڑنے سے نقصان کا اندیشہ ہو تو جہاں تک پانی پہنچ سکتا ہو یعنی جہاں پٹی یا لیپ نہیں ہے اُسے تو دھو ڈالے۔ اور جس جگہ کو دھو نہیں سکتا اس مقام پر صرف تر ہاتھ پھیر دے ایسی صورت میں وضو صحیح ہو گا۔ عورت کو اگر خون حیض، نفاس، یا استحاضہ آجائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور

اگر سر کے بالوں میں تیل وغیرہ کی چکناہٹ ہو تو وضو کرنے سے پہلے چکناہٹ دور کرے پھر مسح کرے فقط پونچھ دینا کافی نہیں ہے۔

بہتر ہے منہ اور ہاتھوں کو ایک مرتبہ سے زیادہ نہ دھوئیں اگر دو مرتبہ دھوئیں گے تو دوسری مرتبہ کا پانی آب وضو نہ ہو گا اور اس سے مسح نہ ہو سکے گا۔ وضو کرنے کے بعد اعضائے وضو کو کپڑے سے صاف نہ کریں۔

# اذان ومؤذن کی فضیلت

آسمان پر فرشتوں میں سب سے پہلے مؤذن حضرت جبرائیل علیہ السلام اور زمین پر انسانوں میں سب سے پہلے مؤذن جناب بلالؓ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ جنت میں سب سے پہلے داخل ہوں گے۔ مؤذن کی فضیلت کے بارے آئمہ معصومینؑ سے بہت زیادہ روایات منقول ہیں۔ چند ایک یہ ہیں:

رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مسلمانوں کے کسی شہر میں ایک سال تک اذان دے اس پر جنت واجب ہے۔

امام باقر علیہ السلام نے فرمایا جو شخص سات سال خدا کی خاطر اذان دے تو روز قیامت بغیر کسی گناہ کے حاضر ہوگا۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے اذان دے تو خدا تعالیٰ اُسے چالیس ہزار شہداء اور چالیس ہزار صدیق کا ثواب عطا کرے گا اور اس کی شفاعت سے میری اُمت کے چالیس ہزار گناہگار افراد جنت میں داخل ہوں گے...... الی الآخر

رسولِؐ خدا نے فرمایا: اذان واقامت کہنے والے شخص کے لیے وہی ثواب ہے جو خدا کی راہ میں خون میں نہائے ہوئے شہید کا ثواب ہے۔ میں نے عرض کیا: (مولا علیؑ فرماتے ہیں) یا رسولؐ اللہ! لوگ تو اذان واقامت

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38- غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

کے لیے آپس میں لڑیں گے؟ فرمایا: ہرگز ایسا نہیں ہے بلکہ ایک زمانہ آئے گا کہ اذان کی ذمہ داری ضعیف لوگوں کو سونپ دی جائے گی۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے مؤذن کے گوشت کو آتش جہنم پر حرام قرار دیا ہے۔ (بحوالہ وسائل الشیعہ ابواب الاذان والاقامۃ)

رسولِ پاکؐ نے فرمایا: اذان میری اُمت پر اتمام حجت کا وسیلہ ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا مریض کو چاہیے کہ جب نماز کا ارادہ کرے تو وہ شخص اذان و اقامت کہے۔ کیونکہ اذان و اقامت کے بغیر نماز درست نہیں ہے۔ (اذان شعائر اسلام، ندائے ولایت، ص ۱۷)

جو شخص اذان و اقامت کہہ کر نماز پڑھتا ہے اس پر شیطان غالب نہیں آسکتا اور شیطانی وسوسہ سے دور رہتا ہے۔

0345-8512972

رسولؐ اللہ نے فرمایا جس شخص کے ہاں بچہ پیدا ہو تو اسکے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہے کیونکہ اس کے ذریعے بچہ شیطانِ رجیم کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ (وسائل الشیعہ)

امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ بے اولاد اپنے گھر میں بلند آواز سے اذان کہے تو صاحب اولاد ہو گا۔ (بحوالہ جامع احادیث الشیعہ)

آئمہ معصومینؑ نے اذان و اقامت کا جو طریقہ بتایا ہے وہ درج ذیل ہے:

# اذان

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ

اَشْهَدُ اَنَّ اَمِيْرَ اُلْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِمَامَ الْمُتَّقِيْنَ عَلِيًّا وَلِيُّ اللّٰهِ

وَصِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَخَلِيْفَتُهٗ بِلَا فَصْلٍ

اَشْهَدُ اَنَّ اَمِيْرَ اُلْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيًّا وَلِيُّ اللّٰهِ

وَاَوْلَادَهٗ اُلْمَعْصُوْمِيْنَ حُجَجُ اللّٰهِ عَلَى الْخَلْقِ

حَيَّ عَلَى اُلصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ

حَيَّ عَلٰى خَيْرِ الْعَمَلِ حَيَّ عَلٰى خَيْرِ الْعَمَلِ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

0345-8512972

---

نوٹ: اذان و اقامت باوضو دینی چاہیے۔

اذان کے بیس جملے ہیں۔ یاد رہے اذان واقامت میں وحدانیت ورسالت کی گواہی کے ساتھ ولایت علیؑ کی گواہی واجب اور لازم ہے اس پر مکمل بحث ان شاء اللہ آگے آئے گی۔

اَلصَّلٰوۃُ خَیرٌ مِنّ اَلنَّوْمِ کا صبح کی اذان میں کہنا نہ قرآن میں ہے نہ حدیث میں ہے اسے مسلمانوں کے خلیفہ ثانی حضرت عمر نے ایجاد کیا تھا جیسا کہ اہلسنت کی کتاب الفاروق، صحیح بخاری میں درج ہے پس مذہبِ اہلِ بیتؑ کے نزدیک یہ جملہ بدعت ہے۔اذان واقامت سے پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ، بِسْمِ اللّٰہِ اوراذان کے بعد کوئی دعا پڑھنی چاہیے:

دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38- غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

# اقامت

اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ

اَشْهَدُ اَنَّ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِمَامَ الْمُتَّقِيْنَ عَلِيًّا وَلِيُّ اللهِ

وَصِيُّ رَسُوْلِ اللهِ وَخَلِيْفَتُهٗ بِلَا فَصْلٍ

تراب پبلیکیشنز
0345-8512972

اَشْهَدُ اَنَّ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيًّا وَلِيُّ اللهِ

وَاَوْلَادَهُ الْمَعْصُوْمِيْنَ حُجَجُ اللهِ عَلَى الْخَلْقِ

حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ

حَيَّ عَلٰى خَيْرِ الْعَمَلِ حَيَّ عَلٰى خَيْرِ الْعَمَلِ

قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ اللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ (کل فصول اقامت 19 ہیں)

# تیمّم

چند صورتوں میں تیمّم واجب ہوتا ہے۔ جب باوجود تلاش کرنے کے پانی میسر نہ ہو یا صرف اتنا پانی ہو کہ پی لیا جائے اور وضو کرنے کی صورت میں پیاسا رہ جانے سے موت کا خوف ہو بیماری یا زخم کی وجہ سے پانی سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو جب نماز کا وقت اتنا رہ گیا ہو کہ اگر وضو کرے گا تو نماز کا وقت نکل جائے گا۔ تیمم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اول انسان نیت کرے کہ تیمم کرتا ہوں یا کرتی ہوں بدلے وضو کے وَاجِبٌ قُرْبَةً اِلَی اللّٰہ پھر فوراً دونوں ہاتھ پاک زمین یا مٹی پر مارے پھر ہاتھ جھاڑ کر دونوں ہتھیلیوں سے سر کے بال اُگنے کی جگہ سے پوری پیشانی کا مسح کرے اور ناک کے اُوپر والے سرے سے نیچے کی جانب اس طرح کھینچے کہ تمام پیشانی دونوں طرف سے اور دونوں بھنویں ہاتھ کے نیچے آ جائیں پھر دوبارہ ہاتھ زمین پر مارے اور ہاتھ جھاڑ کر ہاتھ کی پشت پر کلائی (گٹے) سے لے کر انگلیوں کے سِرے تک مسح کرے۔ پہلے دائیں ہاتھ کا پھر بائیں ہاتھ کا مسح کرے اگر غسل کے بدلے تیمم ہو تو دو ضربی تیمم کرے یعنی دو دفعہ ہاتھوں کو زمین پر مارے ایک دفعہ دونوں ہاتھوں کو زمین پر مار کر پیشانی، کنپٹی اور ابروؤں کا مسح کرے اس کے بعد دونوں ہاتھوں کی پشت کا گٹوں سے انگلیوں

کے سرے تک مسح کرے۔ تیمم میں ترتیب و موالات کا بجا لانا واجب ہے اور تیمم خود بجا لائے ہاں اگر خود تیمم بجا لانے سے معذور ہے تو دوسرا شخص تیمم کرا سکتا ہے۔

# احکامِ نماز

اللہ تعالیٰ نے ہمیں جن اعمال کے بجا لانے کا حکم دیا ہے ان سب میں افضل ترین عمل نماز ہے جو انسان کو یاد دِلاتی ہے کہ وہ کسی کا بندہ ہے۔ کسی کا پیدا کیا ہوا ہے اور کسی کا محتاج ہے۔

تراب پبلیکیشنز

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

اَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَلَا تَکُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ (القرآن)

''نماز قائم کرو اور مشرکین میں سے نہ ہو جاؤ''۔

مسلمان اور مشرک کے درمیان ایک فرق نماز کا ہے اور حدیث میں ہے کہ اگر نماز قبول ہوئی تو باقی اعمال بھی قبول ہوں گے اگر نماز کو سُبک و خفیف (حقیر، بے وقعت) جان کر اس کی پرواہ نہ کرے وہ ہمارا شیعہ نہیں اور ہماری شفاعت اس کو نہیں پہنچ سکتی اس سے نماز کی اہمیت و عظمت روز روشن کی طرح واضح ہے۔

رسولِ پاکؐ نے فرمایا: ہر چیز کے لیے ایک زینت ہے اسلام کی زینت نمازِ پنجگانہ ہے۔ ہر چیز کا ایک رکن ہے مومن کا رکن پانچوں وقت کی نماز ہے۔ ہر چیز کے لیے ایک چراغ ہے اور مومن کے دل کا چراغ نماز پنجگانہ ہے۔ ہر شئے کی ایک قیمت ہے اور جنت کی قیمت نماز پنجگانہ ہے۔ توبہ کرنے والے کی توبہ، مال، رزق میں برکت چہرے کی رونق مومن کی عزت رحمتوں کا نزول دعا کی قبولیت اور گناہوں کا کفارہ یہی نماز ہے۔اور نماز کی قبولیت کی شرط ولایت علیؑ ہے۔

مولا علیؑ فرماتے ہیں: ''میں مومنین کی نماز ہوں''۔

دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

# نمازِ جماعت

نماز پنجگانہ کا جماعت سے پڑھنا مستحب ہے خصوصاً صبح، مغرب و عشاء کے بارے زیادہ تاکید کی گئی ہے منقول ہے کہ عالم دین کے پیچھے ایک نماز پڑھنا ہزار نمازوں کے برابر ہے۔ روایت میں ہے کہ جبرائیلؑ امین سے رسول پاکؐ نے پوچھا کہ میری اُمت کے واسطے جماعت میں کیا ثواب ہے تو جواب ملا کہ اگر دو شخص نماز با جماعت پڑھیں تو اللہ تعالیٰ ہر شخص کو ہر رکعت کے بدلے ڈیڑھ سو نماز کا ثواب عطا فرماتا ہے اگر دس آدمی جماعت کے ساتھ نماز پڑھیں تو ہر شخص کے لیے ہر رکعت کے بدلے چھہتر ہزار آٹھ سو (76800) نمازوں کا ثواب لکھ دیتا ہے اگر دس افراد سے زیادہ ہو جائیں تو ثواب کی یہ حالت ہے کہ اگر تمام انسان اور جنات اور فرشتے لکھنے والے ہوں آسمان کاغذ بن جائے تمام درخت قلم بن جائیں اور تمام دریا سیاہی بن جائیں پھر بھی نماز با جماعت کا ثواب لکھنے پر قادر نہیں ہو سکتے۔ یاد رہے سنتی نمازیں باجماعت نہیں پڑھی جاسکتی سوائے نماز استسقاء کے جو طلب بارش کے لیے پڑھی جاتی ہے اور نماز عیدین کہ ان کا جماعت کے ساتھ پڑھنا مستحب ہے بلکہ اگر اکیلے پڑھ لی ہو تو دوبارہ جماعت سے

تراب پبلیکیشنز
0345-8512972

پڑھنا مستحب ہے۔ یاد رہے نماز باجماعت کے لیے پیش نماز کا حلالی ہونا شرط ہے۔حرام زادے کے پیچھے نماز باطل ہے اور جو شخص عَلِیٌّ وَلِیُّ اللہِ کی گواہی اذان و اقامت اور نماز میں دیتا ہو مومنین پر واجب ہے کہ اُس کی اقتداء میں نماز جماعت جمعہ وعیدین پڑھیں۔

اہل بیتؑ کے دشمن، فاسق فاجر، بے وقوف کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں، جسے جزام اور برص کی بیماری ہو یا اندھا ہو، جو اہلبیتؑ کے دشمنوں پر تبرّا نہ کرتا ہو، جس کو نماز پڑھنے والے نہ پہچانتے ہوں، جو اپنے پیچھے نماز پڑھنے والوں سے زیادہ عالم نہ ہو۔ایسے لوگوں کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔

دکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

# جن چیزوں سے نماز ٹوٹتی ہے

پیشاب پاخانہ( ریح) گیس کا خارج ہونا۔قہقہہ لگا کر ہنسنا۔نماز کے دوران کعبہ سے منحرف ہوجانا نماز کے دوران کسی کی طرف متوجہ ہونا یا بات کرنا۔نماز کے دوران نیند کا آجانا۔تکلیف سے کراہنا۔سورۂ فاتحہ کے بعد جان بوجھ کرآمین کہنا۔ہاتھ باندھ کرنماز پڑھنا، بحالت نماز کھانا پینا، ہر وہ فعل انجام دینا جومنافی نماز ہو، سے نماز باطل ہوجاتی ہے۔

دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38- غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

## نمازِ تہجد

رَسولِؐ خدا کا فرمان ہے کہ نماز شب (نماز تہجد) پڑھنے والا بے شمار اجر وثواب کا مستحق ہے جو شخص نماز شب پڑھے گا۔مولا علیؑ فرماتے ہیں کہ اللہ اُسے وہ چیزیں عطا کرے گا جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی ہوں گی نہ کسی کان نے سُنی ہوں گی۔امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: بندہ مومن کا شرف نماز شب میں ہے۔نماز تہجد گیارہ رکعت ہے آٹھ رکعت نماز تہجد کی نیت سے دو رکعتیں کر کے پڑھے دو رکعت نماز شُفع ہے ایک رکعت وِتر ہے یہ نماز سنت ہے اس کے پڑھنے کا وقت نصف شب کے بعد سے لے کر طلوع صبح صادق

تک ہے۔

اس کا طریقہ کار یہ ہے:

نیت: دو رکعت نماز تہجد پڑھتا یا پڑھتی ہوں: سُنت قُرۡبَۃً اِلَی اللہ ، اَللہُ اَکۡبَرۡ پھر صبح کی نماز کی طرح دو دو رکعت کر کے بجالائے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد قُلۡ ھُوَ اللہُ اَحَدٌ پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۂ کافرون پڑھے۔

## نمازِ شُفع

تراب پبلیکیشنز
0345-8512972

آٹھ رکعت دو دو رکعت کر کے پڑھنے کے بعد نیت کرے دو رکعت نمازِ شُفع پڑھتا ہوں سُنَّت قُرۡبَۃً اِلَی اللہ ، اَللہُ اَکۡبَرۡ سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ توحید قُلۡ ھُوَ اللہُ اَحَدٌ پڑھیں دونوں رکعتوں میں پھر رکوع سجود تشہد سلام پڑھیں۔ نماز کے بعد تسبیح حضرت زہراؑ پڑھ کر دعا مانگیں۔

## نمازِ وتر

ایک رکعت نماز وتر پڑھتا ہوں: سُنت قُرۡبَۃً اِلَی اللہ اَللہُ اَکۡبَرُ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ قُلۡ ھُوَ اللہُ اَحَدٌ تین مرتبہ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ تین مرتبہ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ اگر تین مرتبہ نہ پڑھ سکے تو کم از کم ایک دفعہ پڑھ کر دعائے قنوت پڑھے دعائے ظہورِ امامِ زمانہ

پڑھے اور تین سو دفعہ اَلْعَفْوُ اَلْعَفْوُ پڑھ کر چالیس زندہ و مُردہ مومنین کے لیے دعا کرنے کے بعد رکوع کر کے دو سجدے بجا لائیں پھر تشہد پڑھ کر سلام پڑھیں پھر تسبیح پڑھیں اور دعا پڑھیں۔

## نیت و تکبیرۃ الاحرام

ضروری ہے کہ عمل کی تعیین اور قصد قربت ہو یعنی نماز کا قُربَۃً اِلَی اللہ بجا لانے کا قصد ہو اور زبان سے ادا و قضا واجب یا سنت ادا کے الفاظ جاری کرنا ضروری نہیں ہے بلکہ دل میں یہ نیت کرے: ''نیت کرتا ہوں یا کرتی ہوں چار رکعت نماز ظہر۔ وَاجِبُ قُربَۃً اِلَی اللہ، اَللہُ اَکْبَرُ نیت کرتے وقت انسان حالت قیام میں حالت سکون سے کھڑا ہو اور دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے تک اٹھائے اس طرح کہ دونوں ہتھیلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو اور اسی حالت میں نیت کے بعد اَللہُ اَکْبَرُ کہے، اَللہُ اَکْبَرُ بلند آواز سے کہا جاتا ہے اور اسے تکبیرۃُ الِاحرام کہتے ہیں اگر کوئی شخص نیت کے بعد تکبیرۃُ الاحرام کہنا بھول جائے تو اس کی نماز باطل ہوگی عورت کو چاہیے کہ تکبیرۃُ الاحرام بلند آواز سے نہ کہے بلکہ آہستہ سے کہے۔

**قرأت:** قرأت کے معنی ہیں پڑھنا۔ جب انسان نیت کے بعد تکبیرۃُ الاحرام کہہ لے تو اس کے بعد سورۂ فاتحہ کی تلاوت کرے اور

تراب پبلیکیشنز
0345-8512972

سورۂ فاتحہ کے ساتھ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لازمی پڑھے۔ نماز سے بسم اللہ کو فرعونِ شام نے مولا علیؑ کی دشمنی میں نکلوایا تھا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○ اِیَّاکَ نَعْبُدُ
وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○ صِرَاطَ
الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۵ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ○ پڑھے۔

اس کے بعد کوئی سا سورۃ پڑھے سورۃ اِنَّآ اَنْزَلْنَاہُ یعنی:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّآ أَنْزَلْنَاہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ
○ وَمَا أَدْرٰکَ مَا لَیْلَۃُ الْقَدْرِ ○ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ
أَلْفِ شَھْرٍ ○ تَنَزَّلُ الْمَلَائِکَۃُ وَالرُّوْحُ فِیْھَا بِإِذْنِ رَبِّھِم
مِّنْ کُلِّ أَمْرٍ ○ سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○ پڑھے۔

اسے سورۂ قدر کہتے ہیں یا سورۂ کوثر پڑھے یعنی بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ○ فَصَلِّ لِرَبِّکَ
وَانْحَرْ ○ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ○

صبح، مغرب اور عشاء کی نمازوں کی پہلی دو رکعت کی قرأت بلند آواز سے کرے۔ مغرب کی تیسری رکعت عشاء کی چوتھی رکعت اور ظہر و عصر کی

چاروں رکعت آہستہ پڑھنی ہوتی ہیں اس لیے قرأت بھی آہستہ کرے لیکن بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو بلند آواز سے پڑھنا ہے البتہ عورت تمام نمازیں حتیٰ کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو بھی آہستہ سے پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ توحید یعنی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۵ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ پڑھنا لازمی ہے یہ یاد رکھنا چاہیے کہ بغیر قرأت کے نماز نہیں ہوتی اگر با جماعت نماز پڑھ رہا ہو تو سورۂ فاتحہ کے تمام ہونے پر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کہنا چاہیے اور آمین ہرگز نہیں کہنا چاہیے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہر سورۃ کے ساتھ پڑھنا لازمی ہے سوائے سورۂ توبہ کے کیونکہ بسم اللہ تمام سورتوں کا جُزو ہے۔ تیسری اور چوتھی رکعت میں فقط سورۂ فاتحہ پڑھنی چاہیے یعنی اس کے بعد کوئی اور سورہ نہ پڑھے اور اگر بہت جلدی میں ہو تو سورۂ فاتحہ کی بجائے صرف سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھ لے۔ لیکن عام حالات میں سورۂ حمد ہی پڑھنی چاہیے۔ قرأت کا صحیح طور پر ادا کرنا واجب ہے۔

## رکوع

نماز کا پہلا بڑا فریضہ رکوع ہے۔ جب انسان سورۂ فاتحہ اور دوسری

سورۃ کی قرأت کے بعد دونوں ہاتھ چہرے تک بلند کر کے اَللہُ اَکْبَرُ کہے اور پھر رکوع میں جائے۔ یاد رہے اَللہُ اَکْبَرُ کہنے کے بعد تھوڑا ٹھہر کر رکوع میں جائے اور یہ لازم ہے۔ تمام نمازوں کی ہر رکعت میں ایک مرتبہ رکوع واجب ہے۔ رکوع جھکنے کو کہتے ہیں اس کا طریقہ یہ ہے کہ انسان جھک کر اپنے دونوں گھٹنوں کو اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر اندر کی طرف دبائے اور داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ سے پہلے گھٹنوں پر رکھے۔ اپنی کمر کو تان کر بالکل سیدھی کر لے اور گردن کو آگے کی طرف بڑھا لے۔ اور پشت ایسی ہموار رکھے کہ اگر پانی کا قطرہ بھی پڑے تو پشت پر ٹھہر جائے۔ نگاہیں پاؤں کے درمیان رکھے اور رکوع میں یہ پڑھے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ کہ ایک مرتبہ کہنا واجب اور اس سے زائد دو یا تین مرتبہ مستحب ہے لیکن بہتر ہے کہ تین مرتبہ پڑھے پھر درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ پڑھے۔ اس کے بعد یکدم سجدے میں نہ چلا جائے بلکہ سیدھا کھڑا ہو جائے جس حالت میں رکوع سے پہلے کھڑا تھا ایک سانس کے لیے کھڑا رہے اور اس کے بعد سَمِعَ اللہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہے اور دونوں ہاتھ چہرے تک بلند کر کے اَللہُ اَکْبَرُ کہے اور اس کے بعد سجدے میں جائے۔ اس طرح کہ پہلے ہاتھ زمین پر رکھے اور گھٹنے بعد میں، عورت کا رکوع یہ ہے کہ وہ اپنے دونوں ہاتھ گھٹنے سے اُوپر اپنی رانوں پر رکھے اور سجدے میں جاتے وقت

0345-8512972

ہاتھوں کے بل سجدے میں نہ جائے بلکہ گھٹنوں کے بل جائے۔ اور انتہائی آہستگی کے ساتھ بیٹھے اور اپنے جسم کو ظاہر نہ ہونے دے۔نماز میں اپنی آنکھوں کو بند نہ کریں۔

## سجود

تمام نمازوں کی ہر رکعت میں دو سجدے واجب ہیں اور یہ دونوں سجدے مل کر نماز کا رکن ہیں۔ ان کو چھوڑ دینے سے خواہ عمداً یعنی جان بوجھ کر یا سہواً یعنی بھول چوک سے نماز باطل ہو جاتی ہے، سجدے کے دوران سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى وَ بِحَمْدِهٖ ایک مرتبہ پڑھنا واجب اور اس سے زیادہ پڑھنا مستحب ہے بہتر ہے کہ یہ ذکر تین مرتبہ پڑھے اس کے بعد اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ پڑھے اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہے۔ یاد رہے اعضاء سجدہ سات ہیں یعنی جسم کے وہ حصّے جنہیں دَورانِ سجدہ زمین پر رکھنا واجب ہے اور اگر ان میں سے ایک بھی حصّہ زمین پر لگنے سے رہ گیا تو نماز باطل ہو جائے گی:

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0345-8512472

① پیشانی ② دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں ③ دونوں گھٹنے اور ④ دونوں پاؤں کے انگوٹھے۔ ناک کو زمین پر رکھنا ہمارے آئمہ کرام کو بہت محبوب ہے اس لیے ناک زمین پر رکھنا اگرچہ واجب نہیں ہے مگر محبت

کے اعتبار سے اتنا ہی اہم ہے جتنا دیگر اعضاء سجدہ کو زمین پر رکھنا ان اعضاء کے علاوہ جسم کا کوئی حصّہ مثلاً کہنیاں، سینہ اور پیٹ وغیرہ ہرگز زمین پر نہیں رکھنا چاہیے البتہ سجدہ شکر جو نماز کے آخر میں کرتے ہیں جو مستحب سجدہ ہے کرتے وقت کہنیاں سینہ اور پیٹ زمین سے ملا دینا چاہیے۔ بنیادی طور پر سجدہ مٹی پر ہوتا ہے خاص طور پر خاکِ کربلا پر سجدہ انتہائی افضل ہے اور بے پناہ ثواب کا باعث ہے اور جب تک سجدہ کا ذکر ختم نہ ہو جائے سجدہ کے ساتوں اعضاء اپنے اپنے مقام پر رکھے رہے انہیں حرکت نہ دے۔ مرد کا پہلے ہاتھ زمین پر لے جانا اور عورت کا پہلے اپنے گھٹنے بیٹھ کر پہنچانا ضروری ہے۔ بوقت سجدہ ہاتھوں کا قبلہ رخ اور کانوں کے برابر رکھنا انگلیاں آپس میں ملی ہوئی ہوں عورت سجدہ کرے تو وہ سُکڑ جائے اور اپنے اعضاء کو ملا لے جبکہ مرد سجدہ کرے تو پھیل جائے (عورت ایک سجدے کے بعد اس طرح بیٹھے کہ اس کے پاؤں کے تلوے زمین پر ہوں اور گھٹنے کھڑے ہوئے ہوں) جب پہلے سجدے سے سر اٹھا کر اَللّٰہُ اَکۡبَرُ کہہ کر بیٹھے تو بحالت تورّک یعنی دائیں پاؤں کی پشت کو بائیں پاؤں کے تلوے سے ملا کر بائیں ران پر بیٹھے اور دوسرے سجدہ میں جانے سے پہلے اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ رَبِّیۡ وَ اَتُوۡبُ اِلَیۡہِ، اَللّٰہُ اَکۡبَرُ کہہ کر دوسرے سجدے میں جائے اور سجدے میں سُبۡحَانَ رَبِّیَ اَلۡاَعۡلٰی وَ بِحَمۡدِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ تین مرتبہ

پڑھنے کے بعد اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر بیٹھ جائے اور پھر بِحَوْلِ اللّٰهِ قُوَّتِهٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ پڑھتا ہوا سیدھا کھڑا ہو جائے اور ہر نماز کی دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ توحید قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھنے کے بعد قنوت پڑھے۔

## قنوت

جب دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ توحید قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھنے کے بعد دونوں ہاتھ چہرے تک بلند کر کے اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہے اور اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرہ کے سامنے دعا کے لیے پھیلا لے اور اپنے ہاتھوں کو آپس میں ملا کر رکھے۔ اس عمل کو قنوت کہتے ہیں قنوت میں اتنا پڑھ لینا کافی ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اور اگر نمازی قنوت میں دعا ظہور امام زمان عجل اللہ پڑھے تو سب سے بہتر ہے قنوت پڑھ لینے کے بعد چہرے تک دونوں ہاتھ لے جائے۔ اس کے بعد اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر رکوع میں جائے اور پھر سجدہ میں جائے اور ذکرِ سجدہ پڑھے۔

## تشہد

نماز صبح کی دوسری رکعت میں آخری سجدہ سے سر اٹھانے کے بعد اور نمازِ ظہر، عصر، مغرب، عشاء کی دوسری رکعت کے دوسرے سجدہ سے فارغ

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38- غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0345-8512972

ہونے کے بعد اور نماز مغرب کی تیسری رکعت میں دوسرے سجدہ سے سراُٹھانے کے بعد اور ظہر عصر، عشاء کی نماز کی چوتھی رکعت میں دوسرے سجدے سے سراُٹھانے کے بعد تشہد پڑھنا واجب ہے، تشہد کے معنی ہیں گواہی دینا۔ اور تشہد میں مرد اور عورت اس طرح بیٹھیں جس طرح دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کے متعلق بیان کیا گیا ہے اپنے ہاتھ رانوں پر ہوں اور ہاتھوں کی انگلیاں ملی ہوئی ہوں اور نگاہ سجدہ گاہ یا گود کی طرف رہے۔

پھر یہ تشہد پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہ وَ اَشْھَدُ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیًّا وَلِیُّ اللّٰہِ وَاَوْلَادَہٗ الْمَعْصُوْمِیْنَ حُجَجُ اللّٰہِ عَلَی الْخَلْقِ ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّد

یہ واضح رہے کہ تشہد میں محمدؐ و آل محمد علیہم السلام پر دُرود بھیجنا واجب ہے اور جان بوجھ کر اسے ترک کرنے سے نماز باطل ہوجاتی ہے۔ یاد رہے کلمہ اذان و اقامت اور تشہد نماز میں عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ قرآن اور معصومین علیہم السلام کے فرمان اور فتاویٰ علماء متقدمین و متاخرین سے ثابت ہے اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کے ساتھ مولا علیؑ و اولادِ علیؑ کی ولایت کی گواہی لازم و ملزوم ہے اور گواہی نہ دینے سے نماز باطل ہو جاتی ہے کیونکہ

معصومینؑ نے خود فرمایا ہے کہ ولایت و امامت آئمہؑ کے بغیر اعمال باطل ہیں۔ (وسائل الشیعہ)

جس طرح معصومینؑ کے فرامین سے ثابت ہے مزید حوالہ جات ہم نے اس کتاب میں تحریر کر دیئے ہیں۔

## سلام

نماز کی آخری رکعت میں تشہد کے بعد اس طرح سلام پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اُللّٰهِ وَ بَرَكَاتُه اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُم وَرَحمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُه ۔

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38- غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8812972

سلام اس طرح بھی پڑھ سکتے ہیں یعنی اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اُللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَى الآئِمَةِ الرَّاشِدِيْنَ اَلْمَهْدِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُم وَرَحمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ (فرمانِ امام صادقؑ، فرمانِ امام رضاؑ)

سلام پڑھنے کے بعد تین مرتبہ کانوں تک ہاتھ اٹھا کر اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہے مگر یاد رکھنا چاہیے کہ تینوں مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتے وقت کانوں تک ہاتھ اٹھانا ضروری ہے بعض لوگ جو ہاتھوں کو رانوں پر رکھے ہلاتے ہیں تو یہ طریقہ غلط ہے۔

# تسبیح سیدۃ النساء العالمین سَلَامُ اللّٰہِ عَلَیْہَا

مولا امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ہر نماز کے بعد تسبیح صدیقۃ الکبریٰ فاطمۃ الزہرا پڑھنا میرے نزدیک ہزار رکعت نماز سے بہتر ہے اور اس کی کیفیت یہ ہے۔

پہلے 34 مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ، پھر 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ پڑھے۔ اور مستحب ہے کہ خاکِ شفاء تُربت امام حسینؑ کی تسبیح پر پڑھے روایت میں ہے کہ جب یہ تسبیح کسی کے ہاتھ میں ہوتی ہے چاہیے وہ شخص غافل ہو مگر تسبیح ذکرِ خدا کرتی ہے اور اس کا ثواب اس شخص کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے۔

تراب پبلیکیشنز
0345-8512972

## تسبیح کی ابتداء

جب جناب سیدہ زہراؑ بڑی ہوئیں تو بعض لوگوں نے رسول اکرمؐ کی خدمت میں جناب سیدہؑ کی خواستگاری کی جسارت کی رسولؐ پاک نے سب کو یہ کہہ کر ٹھکرا دیا میں اس بارے اللہ کے حکم کا محتاج ہوں پھر اللہ کا حکم ہوا کہ جس کے گھر آسمان سے ستارہ اُترے گا اسی گھر میں سیّدہ زہراؑ کی شادی ہوگی۔ اللہ نے ستارہ بھیجا جب ستارہ آسمان سے روانہ ہوا بی بی پاکؑ نے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھنا شروع کیا ستارے نے مدینہ کا طواف کیا اور مولا علیؑ کی دہلیز مبارک پر سجدہ ریز ہوا تو جناب سیّدہؑ نے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ پڑھنا شروع کیا پھر ستارے نے واپس پرواز شروع کی تو بی بیؑ پاک نے سُبْحَانَ اللّٰهِ پڑھا۔ جب ستارا اٹوٹا مدینے کا طواف کیا پھر واپس آسمان پر گیا اتنی دیر میں بی بی زہراؑ نے 34 مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ پڑھا۔ اللہ تعالیٰ نے اِسے تسبیح زہراؑ کا نام دے دیا۔

## سجدۂ شکر

تراب پبلیکیشنز

ہر نماز کی تعقیبات کے بعد سجدہ شکر بجا لانا سنت مؤکدہ ہے سجدہ شکر کی کیفیت یہ ہے کہ ساتوں اعضاء پر جو سجدہ کیلئے مقرر ہیں سجدہ کرے۔ بلکہ مستحب ہے کہ ہاتھوں کو کہنی تک اور شکم و سینہ کو بھی زمین تک پہنچائے۔ پیشانی سجدہ گاہ پر رکھ کر تین مرتبہ پڑھے: اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ۔ پھر داہنا رخسار سجدہ گاہ پر رکھ کر تین مرتبہ یہ پڑھے یَا اَللّٰهُ، یَارَبَّاهُ ، یَا سَیِّدَاهُ۔ پھر بایاں رخسار سجدہ گاہ پر رکھ کر پڑھیں تین مرتبہ عَفْوًا لِلّٰهِ پھر دوبارہ پیشانی سجدہ گاہ پر رکھ کر شُكْرًا لِلّٰهِ تین مرتبہ پڑھے۔اس کے بعد اپنا سر اُٹھالے۔ اس کے بعد بیت اللہ کی طرف منہ کر کے رحمت للعالمین سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت پڑھے۔

**سلام :** اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللهِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَابَاعِثَ الْهُدٰى اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَاخَاتَمَ النَّبِيِّينَ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ

اور امام حسینؑ کی زیارت کربلا کی طرف منہ کرکے اسی طرح پڑھے:

اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُوْلِ اللهِ الثَّقْلَيْنِ ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَابْنَ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا اَنْصَارَ اللهِ وَاَنْصَارَ الْحُسَين ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا اَبَاالْفَضْلِ الْعَبَّاس ، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ

حضرت امام رضا علیہ السلام کے مزار کی جانب رخ کرکے اس طرح زیارت پڑھیں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا غَرِيْبَ الْغُرَبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُعِيْنَ الضُّعَفَآءِ وَ الْفُقَرَآءِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا اَنِيْسَ النُّفُوْسِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَاشَمْسَ الشُّمُوسِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ

يَآاَيُّهَا الْمَدْفُوْنُ بِاَرْضِ طُوْسِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى آبَآئِكَ السَّبْعَةِ وَاَبْنَائِكَ الْاَرْبَعَةِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

امام زمانہ عجل اللہ کی زیارت بیت اللہ کی طرف منہ کر کے اس طرح پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاصَاحِبَ الْعَصْرِ وَالزَّمَان ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاخَلِيْفَةَ الرَّحْمٰنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَزَاءِ الْحُسَيْنِ عَلَيهِ السَّلَامِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيكَ يَادَافِعَ الظُّلْمِ وَالْعُدْوَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاقَامِعَ الْكُفْرِ وَالطُّغيَان عَجَّلَ اللّٰه تَعَالٰى فَرَجَكَ وَسَهَّلَ اللّٰه تَعَالٰى مَخْرَجَكَ وَظُهُورَكَ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُم وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُه

نوٹ: مولوی ڈھکو لکھتا ہے کہ ہندو پاک میں یہ رسم ہے کہ ہر فریضہ نماز کے بعد اور مجالس کے بعد تین یا چار زیارتیں روز پڑھی جاتی ہیں اس کا کوئی عملی ثبوت نہیں ملتا لہٰذا یہ التزام صحیح نہیں۔(اصلاح الرسوم 118)

ہم نے معصومینؑ کے فرامین تحریر کر کے ثابت کر دیا ہے کہ نام نہاد فسادی مُلّاں ڈھکو خبیث کا مطالعہ کتنا ہے۔تا کہ ہر شخص پر واضح ہو جائے کہ اس فسادی مُلّاں کا فتویٰ سینہ گزٹ ہے۔

یہ زیارتیں (سلام) معصومینؑ کے فرامین سے ثابت ہیں۔

## احکامِ سجدہ

جن امور کی وجہ سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے۔ وہ پانچ یہ ہیں:

۱ کلام بے جا کرنا یعنی قرآن و ذکر و دعا کے علاوہ نماز میں بُھول کر کلام کرنا

۲ بُھول کر سلام پڑھنا بے محل۔

۳ ایک سجدہ بُھول کر چُھوٹ جائے اور اس کے بجا لانے کا موقع باقی نہ رہا ہو۔

۴ دونوں سجدوں کے بعد بیٹھنے کی حالت میں چوتھی اور پانچویں رکعت میں شک ہونے کی صورت میں ان پانچ صورتوں کے سوا کسی کمی یا زیادتی کے لیے سجدہ سہو واجب نہیں ہے۔ اور ہر واجب رکن کی بھول کر کمی یا زیادتی کی وجہ سے سجدہ سہو بجا لائے مثلاً رکوع یا سجدہ میں بھول گیا اُٹھنے کے بعد یاد آئے تو رکوع سے فارغ ہونے کے بعد جب کھڑا ہو تو پڑھ لے۔ سجدہ سہو کا طریقہ یہ ہے اول نیت کرے سجدہ سہو کرتا ہوں یا کرتی ہوں قُرْبَۃً اِلَی اللہ اَللہُ اَکْبَرُ پھر سجدہ میں جائے اور یہ پڑھے بِسْمِ اللہِ وَبِاللہِ وَصَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّد پھر اُٹھ کر بیٹھے اور دوسرے سجدے میں جا کر یہی ذکر پڑھے دونوں سجدے کرنے کے بعد تشہد و سلام پڑھے۔

0345-8512972

# روزہ

روزہ رکھنے کی نیت جو کہ مشہور ہے:

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَان

امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ واجب روزے کی زوال سے پہلے کسی بھی وقت نیت کی جاسکتی ہے۔ اگر انسان کو شک ہو کہ آج کا دن شعبان کا ہے یا رمضان کا اور انسان روزہ رکھ لے تو اگر وہ دن شعبان کا تھا تو یہ سنتی روزہ ہوگا۔ اگر وہ دن ماہ رمضان کا تھا تو یہ روزہ توفیقی ہوگا۔ اور اس پر رمضان کے روزے کی قضا نہ ہوگی جو شخص ماہ رمضان میں جان بوجھ کر ایک دن بغیر کسی عذر (مجبوری) کے روزہ نہ رکھے اس کا کفارہ یہ ہے کہ وہ دو مہینے مسلسل روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ اگر کوئی شخص روزہ کی حالت میں اپنی بیوی سے چھیڑ چھاڑ کرے اور اسی حالت میں انزالِ منی ہوجائے تو اس کا روزہ باطل ہے اور وہ مسلسل دو ماہ روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ اگر روزہ دار جان بوجھ کر قے (اُلٹی) کرے تو اس پر روزے کی قضا واجب ہے لیکن اگر بلاقصد قے آجائے تو روزہ نہیں ٹوٹتا۔ کھانے پینے، عورت سے ہم بستری کرنے اور پانی میں غوطہ لگانے سے روزہ

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

ٹوٹ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ، رسول اکرمؐ اور آئمہ طاہرینؑ پر جھوٹ اور افتراء پردازی (یعنی ان سے منسوب کر کے) کوئی جھوٹی بات کہنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص وضو کے لیے کلی کر رہا ہو اور سہواً پانی حلق میں چلا جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ روزہ میں پھول خوشبو سونگھنے میں کوئی حرج نہیں۔ روزہ دار اگر بلغم یا تھوک نگل لے تو کوئی حرج نہیں۔ اگر روزہ دار کو سوتے ہوئے دن میں احتلام ہو جائے تو اسے چاہیے غسل کر کے روزہ پورا کرے اس کا روزہ صحیح ہے۔ جو شخص رات کو محتلم ہو جائے یا اپنی بیوی سے ہم بستری کرے تو اسے چاہیے کہ سحری (کھانا کھانے) سے پہلے غسل کرے اس کے بعد روزہ رکھے۔ اگر یہ شک ہو رمضان کا چاند نظر آیا یا نہیں تو خوف اور تقیہ کی صورت میں حکمرانوں کے طرزِ عمل کو دیکھا جائے گا اگر انہوں نے روزہ رکھا ہے تو روزہ رکھے اگر انہوں نے افطار کیا تو افطار کرے۔ سنت ہے نماز مغرب پڑھ کر روزہ افطار کرے لیکن اگر بھوک پیاس زیادہ ہو جس کی وجہ سے نماز میں اچھی طرح توجہ نہ دے سکے تو بہتر ہے نمازِ مغرب سے پہلے اذانِ مغرب کے بعد روزہ افطار کر لے۔

رسولِ پاکؐ نے فرمایا: جو شخص حلال خرمے سے روزہ افطار کرے اس کی نماز جر وثواب میں چار سو نمازوں کے برابر ہے جو شخص بوقت افطار کسی مسکین کو ایک روٹی دے تو اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

0345-8512972

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: پانی سے روزہ افطار کرنا قلب کے گناہوں کو دھو دیتا ہے۔

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام فرماتے ہیں کہ افطار کے وقت یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ

یہ دعا پڑھ کر نمک کھجور یا پانی سے روزہ افطار کرے۔ روزہ دار، روزہ رکھ کر سو جائے تو اللہ عبادت میں شمار کرتا روزہ کی حالت میں سانس لینا بھی عبادت ہے روزہ فقط یہ نہیں کہ طلوع صبح صادق سے لے کر مغرب (رات) تک بھوکا پیاسا رہ جائے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ انسان اپنے آپ کو گناہوں سے بچائے رکھے اور اطاعت خداوندی میں دن گزارے۔

0345-8512972

**ضروری وضاحت:** عورتوں کے لیے ایام حیض میں نماز یا روزہ چاہے واجب ہو یا مستحب صحیح نہیں ہے ہاں بعد میں واجب روزہ کی قضا واجب ہے۔ اگر عورت حیض یا نفاس سے اذان سے پہلے پاک ہو جائے تو وہ غسل کر کے روزہ رکھے۔ اگر روزہ دار عورت کو دن میں یا غروبِ آفتاب کے قریب ہی حیض آجائے تو اس کا روزہ باطل ہے۔ وہ روزہ توڑ دے۔

# اعمال شبِ قدر

شب قدر بڑی بابرکت اور فضیلت والی رات ہے اس رات کی عبادت ہزار مہینوں کی عبادت سے افضل ہے یہ وہ رات ہے جس میں تمام امور مال، اولاد، بیماری، تندرستی، عزت، ذلّت، موت وحیات وغیرہ مقدر ہوتے ہیں۔ لہٰذا ہر مومن کو چاہیے شب بیداری کرے اور رات بھر ملائکہ امام زمانہ عجل اللہ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں مومن کو چاہیے کہ عبادت، تلاوت قرآن اور نمازوں میں مشغول رہے شب قدر ماہ رمضان کی انیسویں، اکیسویں اور تئیسویں رات سے باہر نہیں ہے۔ لہٰذا ان تینوں راتوں میں غروب آفتاب کے قریب غسل بجالائے اور بعد نماز مغربین اعمال بجالائے۔ رسول پاکؐ نے فرمایا جو شخص شب قدر کو دو رکعت نماز بجالائے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ توحید قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے گا اور نماز سے فارغ ہو کر ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ کہے اپنے مقام سے نہ اٹھے گا کہ خدا تعالیٰ اس کو اور اس کے والدین کو بخش دے گا اور ثواب کثیر عطا فرمائے گا۔ ان راتوں میں قرآنِ مجید ہاتھ میں لے اور کھولے اپنے منہ کے سامنے رکھ کر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ وَمَا فِيْهِ وَفِيْهِ

اسْمُكَ الْاَكْبَرُ وَاَسْمَآئُكَ الْحُسْنٰی وَمَا یُخَافُ
وَیُرْجٰی اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عُتَقَآئِكَ مِنَ النَّارِ
وَتَقْضِیَ حَوَآئِجِیْ لِلدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ

پھر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگے ضرور پوری ہوگی اس کے بعد امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں قرآن سر پر رکھے اور یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذَا الْقُرْآنِ وَبِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَهٗ بِهٖ وَبِحَقِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مَّدَحْتَهٗ فِیْهِ وَبِحَقِّكَ عَلَیْھِمْ فَلَآ اَحَدَ اَعْرَفُ بِحَقِّكَ مِنْكَ

اس کے بعد دس مرتبہ پڑھے بِكَ یَا اَللّٰهُ دس مرتبہ بِمُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِعَلِیٍّ دس مرتبہ بِفَاطِمَةَ دس مرتبہ بِالْحَسَنِ دس مرتبہ بِالْحُسَیْنِ دس مرتبہ بِعَلِیِّ ابْنِ الْحُسَیْنِ دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ اور دس مرتبہ بِجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِمُوْسٰی اِبْنِ جَعْفَرٍ دس مرتبہ بِعَلِیِّ بْنِ مُوْسٰی دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِعَلِیِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِالْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِالْحُجَّةِ الْقَائِمِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ اُس کے بعد جو حاجت رکھتا ہو طلب کرے زیارت امام حسینؑ کا پڑھنا سنت مؤکدہ ہے۔ سو (۱۰۰) رکعت نماز تینوں شب پڑھنا سنت ہے ان راتوں میں (۱۰۰) سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ پڑھے تلاوت قرآن میں مشغول رہے۔ جمعۃ الوداع کو نماز قضائے عمری پڑھی جاتی ہے۔

0345-2512972

# نماز قضائے عمری

امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے جس کی نمازیں چھوٹ گئی ہوں اور ان کی تعداد نہ جانتا ہو کہ کس قدر نمازیں قضا ہوئی ہیں اور نمازوں کے قضا ہونے پر پریشان ہو اور ممکن نہ ہو کہ بجالا سکے گا۔ پس شب دوشنبہ (سوموار) کو پچاس رکعت نماز پڑھے ہر دو رکعت کے بعد سلام کہے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ ایک بار سورہ توحید قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ گیارہ مرتبہ پڑھے جب نماز سے فارغ ہو تو کلمہ استغفار پڑھے اور 100 مرتبہ محمدؐ و آلِ محمدؑ پر درود و سلام بھیجے تحقیق کہ اللہ تعالیٰ ان نمازوں کا محاسبہ نہ کرے گا۔ حتیٰ کہ اگر 100 برس کی بھی نمازیں قضا ہوئی ہوں۔

تراب پبلیکیشنز
0345-8512972

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
جس کی نماز ہائے فریضہ قضا ہوئی ہوں اور وہ یہ نہ جانتا ہو کہ کتنی نمازیں قضاء ہوئی ہیں پس اسے چاہیے کہ اس طرح چار رکعت نماز پڑھے کہ نیت کرتا ہوں چار رکعت نماز بدلے اپنے تمام قضا نمازوں کی قُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ ہر رکعت میں ایک بار اَلْحَمْدُ اور 25 مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور ایک بار آیت الکرسی اور 15 مرتبہ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ جب اس طرح نماز پڑھے گا تو ایک قول کے مطابق 200 سال کی قضا نمازوں کے برابر

ہے۔دوسری روایت کے مطابق 600 اور 800 سال کی قضا نمازوں کے برابر ہے (بحوالہ مصباح کفعمی ،حرز المومنین)

یاد رہے: بمناسبت شہادت امیر کائنات علیؑ عید کا دن نہایت سادگی سے منانا چاہیے اور خوشی نہیں کرنی چاہیے۔

## فطرہ

فطرہ واجب ہے اور شریعت میں اس کی بہت تاکید ہے اور شرائط ہوتے ہوئے اسے ترک کرنا گناہِ کبیرہ ہے۔ جو شخص تشہد میں ولایت علیؑ کی گواہی نہ دے اور محمدؐ وآلِ محمدؐ پر درود نہ بھیجے اُس کی نماز قبول نہیں۔ اور جو جان بوجھ کر فطرہ ادا نہ کرے تو روزے قبول نہ ہوں گے۔ فطرہ ہر بالغ عاقل آزاد اور غنی (مال دار) شخص پر فرض ہے۔ یعنی سال بھر کے اخراجات رکھتا ہو خواہ نقد روپیہ ہو یا ملازمت ہو یا ایسا پیشہ ہو جو اس کے اخراجات کو پورا کر دیتا ہو پس جب یہ شرطیں اس میں پائی جائیں تو خود اپنا اور اپنے اہل وعیال کا فطرہ دینا اس پر واجب ہے۔ چاہے وہ بالغ ہوں یا نابالغ، آزاد ہو یا غلام، کنیز ہو یا مہمان اُن کا فطرہ ادا کرنا بھی واجب ہے۔ اگرچہ وہ مہمان عید والی رات ہی مہمان ہوا ہو۔ البتہ چاند دیکھنے کے بعد مہمان بنے تو اس کا فطرہ میزبان پر واجب نہیں اور میزبان فقیر ہو اور مہمان غنی ہو تو مہمان پر

0335-8512972

اپنا فطرہ واجب ہے۔فطرہ عیدوالی رات غروب آفتاب کے وقت واجب ہوتا ہے۔رات کو فطرہ علیحدہ کرے صبح نمازِ عید سے پہلے پہلے فطرہ ادا کر دے۔ فطرہ کی مقدار ایک صاع ہے جو تقریباً سوا تین کلو کے برابر بنتا ہے احتیاطاً ساڑھے تین کلو دینا بہتر ہے۔اس قدر مقدار گیہوں (گندم) جوَ یا خُرما (کھجوریں) وغیرہ جو چیزیں کھانے میں زیادہ استعمال ہوتی ہوں۔

امامؑ کے فرمان کے مطابق فطرہ فقط اہلِ ولایت غریبوں کو دیا جائے۔ قریبی رشتہ دار غریبوں کو دوسروں پر ترجیح دی جائے اس کے بعد ہمسایہ غریب کو دیا جائے فطرہ غیر سیّد کو دیا جائے ہاں سیّد، سیّد کو دے بھی سکتا ہے اور لے بھی سکتا ہے۔اگر زوجہ اپنا فطرہ فقیر شوہر کو دے تو جائز ہے۔ایک محتاج کو کم از کم ایک فطرہ سے کم نہ دیں۔

0345-8512972

# عید نماز

عید کی نماز کا وقت طلوعِ آفتاب سے لے کر زوال آفتاب تک ہے تنہا بھی اور جماعت کے ساتھ بھی پڑھی جاسکتی ہے۔اس نماز کی دو رکعت ہیں یوں نیت کرے کہ دو رکعت نماز عید الفطر پڑھتا ہوں سُنَّت قُرْبَةً اِلَى اللهِ ، اَللهُ اَكْبَرُ کہہ کر نماز شروع کر دے۔عیدین کے خطبات نمازِ عید پڑھنے کے بعد پڑھے جاتے ہیں خطبات آگے تحریر کر دیئے گئے ہیں۔

# پہلا خُطبہ عید الفطر

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۴۵- توضیح المسائل بمطابق فرمانِ معصومینؑ۔ المعروف: کشف الاحکام، ص 162 تالیف: سید باقر شار زیدی مدظلہ، (طبع پاکستان)

۴۶- اشهد انك نعم الرب وان محمد انعم الرسول وان علی ابن ابی طالب نعم الولی۔ بحوالہ: انوار الشریعہ در فقہ الجعفریہؑ، ص 58۔ تالیف: علامہ سرکار حسین بخش جاڑا۔ میانوالی (طبع پاکستان)

۴۷- ہمارا مشن شہادتِ ثالثہ۔ تالیف: مناظرِ اسلام استاذالعلماء آیت العلم والفضیلۃ علامہ السید محب حسین نقوی اعلی اللہ مقامہ۔ ملتان (پاکستان)

۴۸- شہادتِ ولایتِ علی ناقابلِ تردید حقیقت۔ تالیف: استاذ العلماء حجت الاسلام والمسلمین علامہ سید فضل عباس نقوی مدظلہ۔ ملتان (پاکستان)

۴۹- اکمال الدین بولایۃ امیر المومنین علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

تالیف: محقق دوراں حجت الاسلام والمسلمین۔ مفسرِ قرآن علامہ سید شار عباس

جہادی مدظلہ۔ لاہور (پاکستان)

۵۰- اقوال المعصومین فی رد المقصرین۔ تالیف: حجت الاسلام والمسلمین علامہ قاری شبیر حسین علوی مدظلہ۔ اردو (سندھ پاکستان)

۵۱- تیسری گواہی ﴿شہادت ثالثہ﴾۔ تالیف: مناظر اسلام حجت الاسلام قاضی سعید الرحمن علوی اعلیٰ اللہ مقامہ، کروڑ لعل عیسن۔ (پاکستان)

۵۲- شہادت ثالثہ در تشہد نماز۔

تالیف: حجت الاسلام و المسلمین استاذ العلماء علامہ حسنین سابقی اعلی اللہ مقامہ۔ ص 92 تا 112۔ طبع دار المعارف الامامیہ فیصل آباد۔ (پاکستان)

۵۳- تائید معصومؑ، تالیف: شاعر اہل بیتؑ صفدر حسین ڈوگر (اردو)

0345-8512972

۵۴- جواز شہادت ثالثہ در تشہد نماز، ص 3 تا 144

تالیف: حجۃ الاسلام والمسلمین فخر المتکلمین تاج المناظرین علامہ تاج الدین حیدری اعلی اللہ مقامہ۔ طبع گوجرانوالہ کینٹ (راہوالی) پاکستان

۵۵- شہادتِ ثالثہ در تشہد نماز (راہِ ولایت)۔

تالیف: حجت الاسلام والمسلمین سرکار علامہ السید محسن علی ہمدانی مدظلہ اسلام آباد پاکستان۔

۵۶- اسماء القائم، جلد نمبر 2 (باب الصلوٰۃ)۔ تالیف: سائیں مخدوم السید جعفر الزماں نقوی البخاری اعلی اللہ مقامہ۔ طبع کراچی۔

۵۷- ولایت اہل بیتؑ بہت سے فقہاء کی نظر میں اعمال کے صحیح ہونے کی شرط ہے اس کے بغیر عمل باطل ہے اور راکھ کی مانند ہے۔ جس کو ہوا میں اڑا دیا جائے۔ بحوالہ: آدابِ نماز آغا خمینی ۔ص 201، وسائل الشیعہ حُر عاملی ۔ بحارالانوار علامہ مجلسی، جلد 9، ص 217۔

۵۸- نہج السادات فی اکفاء البنات ۔

بحوالہ: سرکار علامہ نثار عباس نقوی الجہادی، طبع لاہور۔ پاکستان

۵۹- صلاۃ الآئمہؑ ۔ص 77 تا 174

تالیف: استاذ العلماء حجت الاسلام والمسلمین ۔ شہنشاہِ فضائل مصائب اطہارؑ، علامہ آغا سید علی حسین قمی مدظلہ العالی۔ طبع ڈیرہ اسماعیل خان ۔ (پاکستان)

0345-8512972

۶۰- نمازِ اہل بیتؑ، تالیف: حجۃ الاسلام علامہ اعجاز علی شریعتی۔ طبع لاڑکانہ۔

۶۱- نمازِ اہل بیتؑ، تالیف: علامہ مقصود رضا عابد قمی۔ طبع پاکستان۔

۶۲- کشف الصلوٰۃ، ص 71 ۔ تالیف: قاطع خارجیت و ناصبیت ۔ قبلہ سید باقر نثار زیدی۔ طبع امام بارگاہ شہدائے کربلا۔ انچولی (کراچی)

۶۳- نماز جعفریہ اثناء عشریہ ۔ص 30 تا 31۔

ناشران ۔ مختار فورس ڈیرہ غازیخان ۔ طبع: سندر پرنٹرز (لیہ پاکستان)

۶۴- نماز جعفریہ اثناء عشریہ ۔ص 32۔

ناشران ۔ الحسین پبلی کیشنز ۔ طبع: کوٹ چھٹہ ڈیرہ غازیخان (پاکستان)

۶۵- تحفۃ العابدین، ص63 تا 95۔

تالیف: مناظر اسلام ، سلطان الافاضل ۔ MA۔ خطیب ایوان سرکارِ حجۃ العصر والزماں علامہ اقبال مہدی طبع بہاولپور۔(پاکستان)

۶۶- نماز اہل بیتؑ، ص19۔ تالیف: میاں عزیز احمد پیرزادہ۔

طبع جامعہ رضائے مرتضیٰؑ۔ شیخ واہن۔(بہاولپور پاکستان)

۶۷- نماز امامیہ، ص101 تا 264۔ بحث وجوب تشہد۔ تالیف: آقا السید نثار عباس النقوی الجہادی۔ طبع دار التبلیغ جعفریہؑ۔(اسلام آباد)

۶۸- صلوٰۃ الصالحین، ص 47 تا 119(بحث وجوب شہادت ثالثہ در تشہد نماز)

دکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0345-8512972

تالیف: حجۃ الاسلام علامہ مظہر عباس کلو۔ ابن مورخ آل محمدؐ علامہ غلام حیدر کلو مرحوم آف کروڑ لعل عیسن

۶۹- نمازِ اہل بیت۔(ولایت امیر المومنین کا تشہد و نماز میں وجوب) ص 58 تا 125 تالیف: مخدوم سیّد جاوید محسن نقوی البخاری۔ ایم اے و حجۃ الاسلام علامہ عابد حسین منتظری، فاضل عربی ایم اے اسلامیات۔ و علامہ کرم حسین صابری مرحوم، طبع رحیم یار خان پاکستان۔

۷۰- نماز اہل بیتؑ، ص20، تالیف: خادم الفقراء حافظ قرآن علامہ سید غلام شبیر آف عالی واہن۔ طبع بہاولپور (پاکستان)

۷۱- صلوٰۃ المتقین،ص 196 تا 205 (بحث شہادت ثالثہ علیًا ولی اللہ)۔ تالیف: محقق دوراں، وکیل عظمت معصومین، علامہ سید غلام رضا جعفری شمسی سبزواری۔ طبع امام بارگاہ لاڑکانہ (سندھ پاکستان)

۷۲- رسولؐ کی نماز میں مولا علیؑ کی گواہی۔ (پمفلٹ) پیشکش: اساتذہ کرام جامعہ صاحب الزمانؑ۔ نیو گلگشت ملتان۔

۷۳- علی ولی اللہ فی تشہد الصلاۃ، واجب۔

(پانچ جلدوں پر مبنی نماز نامہ، ہر جلد میں ولایت علیؑ کے وجوب کے اثبات در نماز)۔ طبع: عزا خانہ زینبؑ و مسجدِ علیؑ چوہان روڈ اسلام پورہ لاہور۔ پاکستان۔ تالیف: حجۃ الاسلام والمسلمین مخدوم آغا سیّد مجاہد عباس زیدی۔

0345-8512972

۷۴- نماز اہل بیت بمطابق قرآن و اہل بیت (تشہد نماز میں ولایت علیؑ کا وجوب)۔ تالیف: مبلغ ولایت علیؑ، سرکار علامہ سیّد فضل عباس نقوی البخاری مدظلہ۔ موسس حوزہ علمیہ جامعہ صاحب الزمانؑ۔ (ملتان پاکستان)

۷۵- امام جعفر صادق علیہ السلام کا منقولہ تشہد جو انہوں نے ابو بصیرؒ کو فرمایا کہ:

اشھد ان ربی نعم الرب و ان محمد نعم الرسول و ان علیًا نعم الوصی ونعم الامامؑ ...... پڑھا کرو)۔ مصباحُ الشیعت، ص 341 تا 343 تالیف: مخدوم سید محمد جعفر الزمان نقوی البخاری۔ طبع: کراچی۔

۷۶- علیؑ ولی اللہ نماز میں، نیت وضو میں، مسجد میں، تکبیرۃ الاحرام میں، قنوت میں،

تشہد میں، سلام و ذکر میں، دعا میں، سجدہ شکر میں ہر جگہ ہے۔ دراصل ولایت علیؑ ہی روحِ نماز ہے۔ بحوالہ: احقاق الحق و ابطال الباطل، ص 381 تا 781۔

تالیف: حجۃ الاسلام والمسلمین، سیّد العلماء، فخر المحققین، العلامہ، المجاہد، السید محمد ابوالحسن موسوی، المشہدی۔ طبع دار التبلیغ جعفریہؑ۔ اسلام آباد پاکستان۔

۷۷- صراط مستقیم علی ولی اللہ۔ ص 131 و 132۔ (تشہد میں شہادتِ ثالثہ کا جواز) تالیف: مترجم: مولانا بلال حسین گھلو فاضل قم۔

۷۸- امام محمد باقرؑ کا فرمان ہے کہ علیؑ کی ولایت ہی نماز ہے۔ آپؑ خود مجسم نماز ہیں۔ چونکہ نماز کی قبولیت کا ٹوٹل دارومدار آپؑ کی ولایت سے ہے اور آپ کے بغیر نماز صحیح نہیں۔ بحوالہ: نام کتاب: سوال عوام کے جواب امامؑ کے، ص 243۔ طبع: ادارہ منہاج الصالحین لاہور۔

تالیف: حجۃ الاسلام علامہ احمد قاضی زاہدی گلپایئگانی۔ ترجمہ: حجۃ الاسلام علامہ مقصود علی ڈومکی قمی۔

۷۹- (فرمان معصومؑ: حدیث قدسی) علی ابن حمزہ نے امام صادق علیہ السلام سے انہوں نے اپنے آباؤ اجداد سے رسولِ خدا سے۔ ان سے جبرائیل نے اور خدا نے جبرائیل سے فرمایا۔ جس نے میری وحدانیت کی گواہی نہیں دی یا میرے عبد محمدؐ بن عبداللہؑ کی نبوت و رسالت کی گواہی نہیں دی یا علیؑ ابن ابی طالبؑ کی

0345-8512972

ولایت وخلافت کا اقرار نہیں کیا یا ان کے گیارہ فرزند میرے اولیاء و میری حجت کو تسلیم نہیں کیا تو اس نے میری نعمت کا انکار کیا اور میری عظمت وجلالت کو چھوٹا اور کم شمار کیا۔ اور میری آسمانی کتابوں کی آیات کا انکار کیا ہے۔

بحوالہ احتجاج طبرسی، ص 110، طبع لاہور۔

۸۰- امام باقر علیہ السلام، قال تفسیر ھا ولا تجھر بولایت علی ابن ابی طالب فھو فی الصلوٰۃ ۔ (نماز میں علیؑ کی ولایت معصومؑ کی زبانی) سورۂ بنی اسرائیل۔ آیت 110 کی تفسیر بحوالہ : تفسیر نور الثقلین، ص 294۔ طبع ادارہ منہاج الصالحین وتفسیر نور الثقلین، طبع قم، ص 235۔ 1112ھ (یہ کتاب بھی آج سے تقریباً تین صدیاں پہلے لکھی گئی۔ (یہی تفسیر مختلف مندرجہ ذیل شیعہ تفاسیر میں بھی موجود ہے)

0345-8512972

۸۱- تفسیرھا ولا تجھر بولایت علی ابن ابی طالب فھو الصلوٰۃ .....
تفسیر البرھان، ہاشم بحرانی، طبع ایران

۸۲- تفسیر ھا ولا تجھر بولایت علی ابن ابی طالب فھو الصلوٰۃ .....
تفسیر صافی۔ ملا فیض کاشانی، طبع ایران

۸۳- تفسیرھا ولا تجھر بولایت علی ابن ابی طالب فھو الصلوٰۃ .....
تفسیر عیاشی۔ محمد بن احمد مسعود عیاشی، طبع ایران

۸۴۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہم اہل بیتؑ کے ساتھ دشمنی رکھنے

والے میں فرق نہیں ہے کہ وہ روزے رکھتا ہو، نمازیں پڑھتا ہو یا زنا اور چوریاں کرتا ہو۔ وہ حتماً جہنمی ہے۔ یقیناً جہنم میں جائے گا۔ راوی نے حضرت امام باقرؑ سے فرماتے ہوئے سنا کہ جونہی دشمن علیؑ دنیا سے جاتا ہے تو اسے جہنم کے کھولتے ہوئے پانی کا ایک گھونٹ پلایا جاتا ہے۔ دشمن علیؑ میں فرق نہیں ہے خواہ نمازی ہو یا زانی۔ بحوالہ۔ نسیمِ بہشت، ص 453۔ طبع موسس امام المنتظر قم (ایران)

۸۵- .... ثواب الاعمال و عقاب الاعمال۔ تالیف: شیخ صدوقؒ۔ (طبع ایران)

تراب پبلیکیشنز
0345-8512972

۸۶- فرمانِ امیرِ کائنات علی المرتضیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ انا صلوٰۃ المومنین: ''میں علیؑ مومنوں کی نماز ہوں''۔ بحوالہ: کوکبِ دری۔ ص 114۔ امامیہ کتب خانہ لاہور۔

۸۷- فرمانِ امیرِ کائنات علی المرتضیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ انا صلوٰۃ المومنین: ''میں علیؑ مومنوں کی نماز ہوں''۔ پرواز در ملکوت۔ آغا خمینی۔ (طبع ایران)

۸۸- (سائل) میں نے حضرت امام باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ تشہد اور قنوت میں کیا پڑھا جائے؟ آپؑ نے فرمایا: جو سب سے اچھا جانو پڑھو۔ اگر معین ہوتا تو تم لوگ ہلاک ہو جاتے۔

فروع کافی۔ طبع ایران ترجمہ: پاکستان ، جلد نمبر 2، ص 102، حدیث 2۔

۸۹- مولا علیؑ کا نام لینے سے نماز باطل نہیں ہوتی یہ طے شدہ بات ہے............الخ
بحوالہ: پیامِ زینبؑ۔ جون 2010ء بمطابق رجب مضمون ولایت علیؑ و اہل بیتؑ کے خلاف سازشیں۔ از مولوی سید افتخار حسین نقوی۔ آف ماڑی انڈس (میانوالی)

۹۰- ھدایۃ الشیعہ۔تالیف: مولانا زوار حسین فاضل قم ۔ پیشکش: ڈویژنل صدر و چیئر مین عزاداری کونسل ۔ مخدوم سید ظفر عباس نقوی آف ڈیرہ غازی خان۔

۹۱- احکام نماز، سرکار علامہ حسنین سابقی مرحوم، پرنسپل جامعۃ الثقلین ملتان۔

0345-8512972

۹۲- آخری حتمی بات: قرآن کریم سے رسولؐ کی نماز میں علیؑ کا نام: ثبوت از قرآن۔ (امام باقرؑ کی غرض یہ معلوم ہوتی ہے کہ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ کا یہ مطلب ہے کہ علیؑ المرتضیٰ کی ولایت کا نماز میں بلند آواز سے ذکر نہ کریں اور نہ ہی نماز میں اسے چھپاؤ بلکہ درمیانی راستہ اختیار کرو۔ بصائر الدرجات)۔ بحوالہ ص 351۔ سورۂ بنی اسرائیل۔ص 351 سے منسوب ضمیمہ کا صفحہ 906 ملاحظہ ہو۔ ترجمہ: علامہ سیّد مقبول احمد دہلوی ۔ نظامی پریس بکڈپو۔ وکٹوریہ سٹریٹ لکھنؤ، طبع انڈیا۔

اب دیکھئے قرآن پاک سورۂ طٰہٰ، ص 373 پر ترجمہ و حاشیہ۔ (وَسَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ○ عنقریب خدائے رحمٰن ان کے لئے ایک محبت قرار

دے گا)۔ حاشیہ قرآن ملاحظہ ہو۔(وَسَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا)

تفسیر عیاشی میں جنابِ امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جناب رسولِ خدا نے اپنی نماز کے آخر حصّہ میں۔ ایسی بلند آواز سے کہ لوگ سن رہے تھے جناب امیرالمومنینؑ کے حق میں یہ دعا فرمائی کہ یا اللہ تو مومنوں کے دل میں علی علیہ السلام کی محبت اور منافقوں کے دل میں علیؑ کی عظمت و ہیبت ڈال دے اسی پر خدائے تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور کافی میں ان ہی حضرتؑ سے اس آیت کی تفسیر میں یہ منقول ہے کہ جناب امیرالمومنینؑ کی ولایت ہی وہ مدّ ہے جس کا خدائے تعالیٰ نے اس آیت میں ذکر فرمایا ہے۔)

۹۳- نماز اھل بیتؑ، ص 37 تشہد نماز میں علیؑ ولی اللہ تحریر ہے۔تالیف علامہ اظہر حسین کربلائی۔

0345-8512972

۹۴- نماز اھل بیتؑ،ص 20 مرتبہ مولانا منظور حسین نقوی پیشکش مکتبہ صاحب الزمان ملتان۔

۹۵- عرفانِ ولایت،ص 152 تا 204 تالیف ایس ایم حسن مسجد خیرالعمل انچولی بلاک 20،فیڈرل بی ایریا کراچی۔

۹۶- رسالۃ العلمیہ اخبار المعصومینؑ،تالیف علامہ عمران لیاقت حسین مرحوم برادر عامر لیاقت حسین

۹۷- سلسلۃ الینابیع الفقیھہ جلد 3 کتاب الصلوٰۃ،ص 12 تالیف شیخ

صدوق ترتیب علی اصغر۔

۹۸- شہادت ولایت علیؑ نا قابل تردید حقیقت، تالیف استاذی المکرم علامہ السید فضل عباس نقوی مدظلہ

۹۹- مولانا بلال حسین گھلو فاضل قم نے بھی نماز کی کتاب میں شہادت ثالثہ تحریر فرمایا ہے۔

۱۰۰- جوازِ شہادت ثالثہ درتشہد نماز تالیف سید محمد تقی حسن گردیزی ،گردیزی لائبریری ملتان

۱۰۱- اجرِ رسالت ،ص 125 تالیف وکیلِ زہراؑ شہیدِ ولایت علامہ ناصر عباس آف ملتان

دکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور

۱۰۲- تحقیق حق جلد اوّل تالیف محقق دوراں محترم ظہور اختر روکھڑی آف میانوالی

۱۰۳- توضیح المسائل، آیۃ اللہ العظمیٰ السیّد مظہر علی شیرازی، قم المقدسہ

۱۰۴- توضیح المسائل، جلد ۴، آیۃ اللہ العظمیٰ ابراہیم جنّاتی دام ظلہٗ، قم المقدسہ

۱۰۵- نمازِ شیعہ، وکیلِ آلِ محمدؑ علّامہ مولانا نیاز حسین گھاگھری مدظلہٗ العالی، دربار علی راجن سرکار، لیہ

۱۰۶- ولایتِ علیؑ، ص ۱۴۴، محقق دوران علّامہ ڈاکٹر سیّد ضمیر اختر نقوی مدظلہٗ العالی، کراچی۔

۱۰۷- شہادتِ ولایت علیؑ، محقق دوران وکیلِ عظمتِ معصومینؑ علّامہ عباس ارشاد

نقوی مدظلہٗ، انڈیا (طبع ادارہ تراب پبلی کیشنز، لاہور)

۱۰۸- اثباتِ ولایت در تشہدِ نماز، محقق دوران فاضلِ قم علّامہ مختار حسین مدظلہٗ العالی، مدرس آل عمران، بھکر (طبع ادارہ تراب پبلی کیشنز، لاہور)

۱۰۹- اسرارِ غدیر، وکیلِ زہرا شہید ولایتِ علّامہ ناصر عباس اعلیٰ اللہ مقامہٗ (طبع ادارہ تراب پبلی کیشنز، لاہور)

۱۱۰- آخری زمانے کی آخری چھلنی تالیف غلامانِ منتظرین و ناصرین امامِ زمانہؑ میں نے اس کتاب میں مولا علی علیہ السلام کی ولایت در تشہد نماز کے بارے میں ایک سو چودہ (114) حوالہ جات تفسیرِ قرآن، احادیث اور مذہبِ شیعہ کی معتبر کتابوں سے نیک نیتی اور خالصتاً خوشنودی امامِ زمانہ عجل اللہ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تحریر کر دیئے ہیں۔ اور یہ ساری کتابیں ہماری لائبریری میں موجود ہیں۔ اگر کوئی مومن اطمینانِ قلب کے لئے دیکھنا چاہے تو ہم سے رابطہ کر سکتا ہے۔ حق تو یہ تھا کہ مولاؑ کی ولایت کو بے چُون و چرا قبول کر لیتے لیکن افسوس شیعوں سے مولا علیؑ کی ولایت کو منوانا پڑا اور بڑے بڑے ثبوت دینے پڑے۔ چاہیے تو تھا کہ منکرین سے پوچھا جاتا کہ اِسے تشہدِ نماز، اذان، اقامت اور کلمہ سے کیوں نکالا گیا اور کب نکالا گیا کس مصلحت کے تحت نکالا گیا مگر اُلٹا اِس کے اثبات دینے پڑے۔ میں نے ہزار سال آٹھ سو سال پرانی کتابوں کے حوالہ جات لکھ کر ثابت کیا ہے کہ یہ گواہی کتابوں میں موجود تھی مگر خدا

0345-8512972

جانے اِسے نماز سے کیوں نکالا گیا۔ اللہ تعالیٰ اِس شہادت کو عملی طور پر قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور دعا ہے کہ وارثِ زمانہؑ کا جلد ظہور ہوتا کہ ہر مسجد کے محراب، منبر سے علیؑ ولی اللہ کی صدا آئے۔ آمین!

فرمان معصومؑ: قَالَ اَمِيْرَ الْمُوْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَام اَنَا صَلٰوةُ الْمُوْمِنِيْنَ ترجمہ: ''امیر کائناتؑ نے فرمایا کہ میں ہی مومنوں کی نماز ہوں''۔

بحوالہ: نہج الاسرار۔ طبع پاکستان و پرواز در ملکوت آغا خمینی طبع ایران کیوں دشمنی ہے تجھ کو علیؑ و حسینؑ سے فرصت ملے تو پوچھ کبھی اپنے والدین سے (شہید سیّد محسن نقویؒ)

فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0345-8512972

ہم نے قرآن پاک واحادیثِ معصومین علیہم السلام اور کتب علماء متقدمین و متاخرین، شام، لبنان، ایران، عراق، ہندوستان، پاکستان میں سے تشہد نماز میں مولا علیؑ و اولاد علی علیہم السلام کا ذکر سنت، مستحب اور واجب ولازم اور سب سے بہتر و احسن ثابت کر دیا ہے۔ اور 114 عدد حوالہ جات تحریر کئے ہیں۔ مقصرین حضرات کو کھلا چیلنج ہے کہ قیامت تک کسی ایک نبیؐ یا امامؑ کا فرمان دکھا دیں کہ علیؑ و اولاد علیؑ کا نام نماز میں لینے سے نماز باطل ہو جاتی ہے۔ تو ہم منہ مانگا انعام دیں گے۔ اور خدا کی قسم مقصرین ملعونین قیامت

تک کوئی ایک حوالہ بھی ایسا پیش نہیں کر سکتے جس میں کسی ایک معصومؑ سے منقول ہو کہ تم تشہد نماز میں مولا علیؑ و اولادِ علیؑ کا نام نہ لو۔

اِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيْلَا اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا۔۔(القرآن)

**نوٹ**: ان تمام متذکرہ کتب کے علاوہ اصل فتاوئ علماء کرام برائے تشہد صلوٰۃ بھی موجود ہیں۔ جن کا ذکر کرنا بوجہ طوالت ضروری نہیں سمجھا گیا۔

قارئینِ کرام! آپ سب حضرات جانتے ہیں کہ تمام شہروں میں ہر شیعہ بُک اسٹالز پر مقصرین کی نماز کی کتابیں بہت ہی کم قیمت پر چاپ کرا کے فروخت کی جا رہی ہیں۔ جو کہ مومنین کے عقیدہِ وِلاء و عزاء کے خلاف ہیں۔ اور اُن کتابوں میں معصومین علیہم السلام امام صادق علیہ السلام امام محمد باقر علیہ السلام اور امام رضا علیہ السلام نے جو تشہدِ نماز تعلیم دیا ہے وہ تحریر نہیں کیا گیا یعنی ولایتِ علیؑ والا تشہد جس سے آنے والی نسلوں پر گہرا اثر پڑے گا۔

اِسی کو مدِنظر رکھتے ہوئے اور مومنین کی ضرورت کو مدِنظر رکھتے ہوئے میں نے اِس کتاب میں قرآن و احادیث معصومین علیہم السلام کے فرامین کے مطابق احکاماتِ دین تحریر کئے ہیں۔ اور کم از کم پانچ سو کتابوں کو سامنے رکھ کر یہ کتاب تحریر کی ہے۔ اور تمام حوالہ جات میری لائبریری میں موجود ہیں۔ اِس کتاب پر بہت زیادہ لاگت آئی ہے۔ ہدیہ کو غریب الحال مومنین کی قوتِ خرید کے اندر رکھنے کے لئے تجویز یہ ہے کہ مخیر مومنین کرام جس قدر

رقم اِس کارِ خیر میں فی سبیل اللہ عطیہ کریں گے اُس کو اشاعت کی اصل رقم سے نکال کر یوں ہدیہ کو حدِ اعتدال میں رکھا جائے گا اور زیادہ سے زیادہ کتبِ نماز چاپ کرا کے مومنینِ کرام تک پہنچائی جائیں گی۔آپ کی رقم امانت سمجھ کر اِس کتاب کو مزید چاپ کرایا جائے گا۔اِس کتاب میں کوئی کمی بیشی نظر آئے تو ہمیں ضرور اطلاع دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اُسے پورا کیا جاسکے اور اپنی مفید آراء سے بھی ضرور آگاہ کریں پہلا ایڈیشن چاپ ہونے پر جن علماءِ کرام ذاکرینِ عظام اور دوستوں نے حوصلہ افزائی کی اُن کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اُن کے حق میں دعا گو ہوں۔

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

:

له فقط خالصتاً شیعہ اثنا عشریہ کے لیے ہے۔

**نوٹ:**

﴿مِنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ اِمَامِ زَمَانَه﴾

یہ رسا

# تمام مسائل کا واحد حل ظہورِ امام زمانہؑ
# حکومت الٰہیہ کا نفاذ

## نمازِ امام جعفر صادق علیہ السلام

آخر میں ہم امام جعفر صادق علیہ السلام کی تعلیم کردہ نماز کا طریقہ جس میں آپ نے تمام واجبات و مستحبات صرف زبان مبارک سے نہیں بلکہ عملاً کر کے دکھائے ہیں۔اُن روایات کو ہم یہاں پر تحریر کرنا اپنے اوپر واجب سمجھتے ہیں کیونکہ بعض مولوی بکواس کرتے ہیں کہ کسی امام نے تشہد میں علیؑ ولی اللہ تعلیم نہیں دیا اور نہ ہی خود پڑھا ہے جس طرح مولوی ڈھکو ملعون، مولوی اختر نسیم، مولوی جان علی کاظمی عرف جانو جرمن، مولوی آفتاب جوادی مولوی غلام محمد بٹ باٹھ ان کے علاوہ اور بھی کافی خبیث مولویوں کا ایک مکمل گروپ ہے جو کہتے ہیں کہ تشہد میں پڑھنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے بلکہ مولوی اختر نسیم نے اپنی کتاب صراط حق میں لکھا ہے کہ اُس پیش نماز کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں جو تشہد میں علی ولی اللہ پڑھتا ہے افسوس کی بات ہے اگر ان مولویوں کا بڑا گُرو گھنٹال قاضی حسین احمد مرحوم فضل الرحمن سمیع الحق جیسے

مولویوں کے پیچھے نماز پڑھ لے تو اس کی نماز ہو جاتی ہے مگر ہم شیعہ حضرات ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھ لیں تو کیا ہماری نماز نہیں ہوگی۔

ویسے مولویوں کے اس فتاوئ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہماری نمازیں ان بے دین مولویوں نے قبول کرنی ہیں اللہ نے تو قبول ہی نہیں کرنی ہیں؟ یہ درباری اور سرکاری مُلاں ہمیشہ بِکتے اور بکتے رہے ہمیں آپس میں لڑاتے رہے کبھی شیعوں کے اتحاد کی تو بات ہی نہیں کی بلکہ شیعوں کو لڑاؤ اور دولت کماؤ۔ سبحان اللہ مولوی عاشق نجفی عرف کھنہ مانہ احمدانی والے مولوی کو بھی صراط حق، ص 33 پر فتوئ دیتے ہوئے ذرا برابر بھی شرم محسوس نہیں ہوئی جس مولوی کا تحریری فتوئ لکھا اُس کی کتاب میرے پاس موجود ہے یا فتوئ غلط ہے یا کتاب۔ ویسے جو لوگ گونگے بہرے اندھے اور منافق ہوں وہ مولا علیؑ سے دشمنی کا ثبوت نہ دیں تو اور کیا کریں۔ ان مولویوں کے نائب گرو نے رضویہ امام بارگاہ ڈیرہ غازیخان میں؟ عشرہ محرم میں مولا حسین علیہ السلام کے بارے جو بکواس کی اور یزید کو جنت پہنچایا وہ بھی سب کو معلوم ہے۔ اصل میں یہ لباس پہن کر شیعت میں داخل ہو گئے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں ان کا مال لوٹ رہے ہیں ان سے خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی بچائیں اب زیادہ دیر آپ کے درمیان حائل نہ ہوں امام جعفر صادق علیہ السلام کی تعلیم کردہ نماز تحریر کردوں۔

جناب حماد بن عیسیٰؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا:

اے حماد! کیا تم اچھے اور صحیح طریقے سے نماز پڑھ سکتے ہو؟ میں نے عرض کیا مولاؑ مجھے نماز کے بارے حُریز کی کتاب یاد ہے۔امام صادقؑ نے فرمایا اچھا تو پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھو۔حماد کہتے ہیں پس میں آپؑ کے سامنے کھڑا ہو گیا قبلہ رُخ ہو کر۔اور نماز شروع کی رکوع سجود کیا پس امام نے یہ دیکھ کر فرمایا اے حماد تم نے احسن طریقے پر نماز نہیں پڑھی کتنے افسوس کی بات ہے کہ تم ساٹھ، ستّر سال کی عمر تک پہنچ گئے ہو مگر ابھی تک نماز اور اسکے حدود مکمل آداب کے ساتھ ادا نہیں کر سکتے۔حماد کہتا ہے کہ مجھے امامؑ کا فرمان سُن کر سخت شرمندگی ہوئی۔میں نے عرض کیا: مولاؑ آپ پر قربان جاؤں آپؑ مجھے صحیح نماز کا طریقہ سکھا دیں تو حضرت صادقِ آلِ محمدؑ قبلہ کی طرف منہ کر کے سیدھے کھڑے ہو گئے اور اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنی رانوں پر کھلا چھوڑ دیا اور اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو ملا دیا اور دونوں پیروں کے درمیان تین کھلی ہوئی انگلیوں کی مقدار فاصلہ رکھا اور پاؤں کی انگلیوں کو بھی قبلہ رُخ سیدھا رکھا اور نہایت ہی خشوع و خضوع کے ساتھ اللہ اکبر کہا پھر عمدہ طریقہ سے ٹھہر ٹھہر کر سورۂ فاتحہ اور سورۂ توحید پڑھی پھر ایک لمحہ توقف کرنے کے بعد کھڑے ہونے کی حالت میں اپنے ہاتھوں کو چہرے کے برابر بلند کرتے

0345-8512972

وقت تکبیر کہی اور رکوع میں گئے اور اپنے ہاتھوں کی کھلی انگلیوں کو مضبوطی سے پکڑا اور اُنہیں پیچھے کی طرف اتنا دھکیلا کہ آپ کی پشت مبارک اس طرح سیدھی ہو گئی کہ اگر اس پر پانی یا تیل کا ایک قطرہ بھی ڈالا جاتا تو آپؑ کی پشت مبارک سیدھا ہونے کی وجہ سے نیچے نہ گرتا اور آپؑ نے اپنی گردن کو آگے کی طرف سیدھا کر دیا اور اپنی آنکھوں کو جھکا لیا پھر تین مرتبہ تسبیح پڑھی: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ پھر آپ سیدھے ہو گئے۔ پھر سیدھے کھڑے ہونے کے بعد سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہا اور قیام کی حالت میں ہی اپنے چہرے کے برابر رکھا اور تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى وَبِحَمْدِهٖ پڑھا اور سجدہ کی حالت میں آپؑ نے جسم کا کوئی حصّہ جسم کے کسی دوسرے حصّے پر رکھا ہوا نہ تھا اور آپ نے جسم کے آٹھ اعضاء سجدہ میں زمین پر رکھے ایک پیشانی اور ایک ناک مبارک دو ہتھیلیاں دو گھٹنے دو پیروں کے انگوٹھے اور مجھ سے فرمایا ان اعضاء میں سے سات اعضاء کا سجدہ میں زمین پر رکھنا واجب ہے جن کا قرآن میں اللہ نے ذکر فرمایا ہے۔

اِنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰهِ، اور وہ یہ ہیں:

(1) پیشانی (2) اور (3) دو ہتھیلیاں (4)، (5) دو گھٹنے (6 و 7) دونوں پاؤں کے دو انگوٹھے۔ البتہ ناک کا رکھنا زمین پر سنت ہے پھر امام علیہ السلام نے سجدہ سے سر اُٹھایا اور جب اچھی طرح سیدھے ہو کر بیٹھ گئے

0345-8512972

تو کہا: اَللّٰهُ اَكْبَرُ اور امام اس طرح بیٹھے کہ جسم کا بوجھ بائیں ران پر تھا اور اس طرح دونوں پیروں کو دائیں طرف نکالا اور دائیں پاؤں کی پشت بائیں پاؤں کے تلوے پر رکھی اور اس حالت میں اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ اور تکبیر کہنے کے بعد دوسرے سجدے میں گئے اور پہلے سجدے کی طرح سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِهٖ پڑھا اور رکوع وسجود میں اپنے بدن کا بوجھ کسی دوسرے حصّے پر نہ رکھا (بحالت سجدہ) کہنیوں کو زمین پر نہ رکھا بلکہ پرندوں کی مثل پھیلائے رکھا اور اس طرح آپؑ نے دو رکعات نماز ادا کی جب تشہد کیلئے بیٹھے تو آپ کی انگلیاں باہم ملی ہوئی تھیں اور رانوں پر ہاتھ تھے پس جب تشہد سے فارغ ہوئے اور سلام پڑھ چکے تو حماد سے فرمایا اے حماد اس طرح نماز پڑھا کرو۔ (بحوالہ فروع کافی، ص 70 کتاب الصلوٰۃ جلد 2 اردو ترجمہ، صراط حق، ص 26 پر مولوی اختر نسیم اور اسلامی نماز 81 پر مولوی ڈھکو ملعون نے اسی روایت کو تحریر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ امامؑ نے جو کچھ تشہد میں پڑھا وہ اس روایت میں درج نہیں مگر ہم دوسری کتب سے تشہد نقل کر رہے ہیں۔

اب دیکھئے کہ ان درباری مولویوں نے کیسے پینترا تبدیل کیا۔ اگر اسی طرح دوسری کتابوں سے تشہد کی عبارت نقل کرنی تھی تو مولوی ڈھکو کو چاہیے تھا کہ وہ اپنے استاد آیت اللہ احمد مستنبط کی کتاب القطرہ سے تشہد کی عبارت

نقل کر کے اپنے سبق حلال ہونے کا ثبوت دیتے جوان کے استاد نے القطرہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا تشہد نقل کیا ہے ہم یہاں پر وہ تشہد نقل کر رہے ہیں۔ ہم اس بات کو اس تشہد پر ختم کرتے ہیں جو امام علیہ السلام اپنی نماز میں پڑھا کرتے تھے:

بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اَشْهَدُاَن لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا بَيْنَ يَدَىِ السَّاعَةِ اَشْهَدُ اَنَّ رَبِّیْ نِعْمَ الرَّبِّ وَاَنَّ مُحَمَّدًا نِعْمَ الرَّسُول وَاَنَّ عَلِی اِبْنِ اَبِیْ طَالِب نِعْمَ الْوَصِیُ وَنِعْمَ اَلاِمَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

0345-8512972

علامہ تقی باقر مجلسی نے بھی یہی تشہد حضرت امام صادق علیہ السلام سے اپنی کتاب فقہ کامل ص 31 پر نقل کیا ہے۔ جو کہ آج سے 400 سال پرانی کتاب ہے ایران سے چاپ ہوئی ہے اس کے علاوہ بھی کم از کم ایک سو کتابیں فقہ حدیث تفسیر ہمارے پاس موجود ہیں جن میں تشہد نماز میں امام صادق علیہ السلام، امام محمد باقر علیہ السلام اور امام رضا علیہ السلام کے فرامین موجود ہیں کہ علیؑ ولی اللہ پڑھو۔ اور ہم نے اس کتاب میں سارے حوالہ جات ایمان داری سے تحریر کیے ہیں جو کہ عندالضرورت دکھائے جا سکتے ہیں۔

یہ تھی صحیح اسلامی اور ایمانی نماز صلوٰۃ الآئمہؑ جو نگہبان شریعت وارث رسول وارث علی و بتول امام صادق علیہ السلام نے خود پڑھ کر دکھائی اگر کوئی شخص عربی یا فارسی کتب نہیں پڑھ سکتا وہ مقصرین کے ادارہ منہاج الصالحین لاہور سے چاپ ہونے والا القطرہ کا اردو ترجمہ مناقب اہل بیتؑ ص 92 پر امام صادقؑ کا تشہد پڑھ لے اس میں واضح تشہد میں علیؑ ولی اللہ تحریر ہے۔ اور امام صادق نے جو نماز پڑھ کر دکھائی وہ سب معصومینؑ کی سمجھی جائے گی۔ کیونکہ ان عظیم نورانی ہستیوںؑ کا قول و فعل عمل اور کردار اور گفتار ایک ہے۔ امام رضا علیہ السلام کا تشہد آغا حسین بروجردی نے جامع احادیث الشیعہ جلد 5 اور مستند الشیعہ جلد 2 میں مُلّا احمد نراقی نے لوامع صاجبقرانی میں تقی مجلسی نے بحارالانوار جلد 84 چاپ ایران میں علامہ باقر مجلسی نے تحریر کیا ہے:

0345-8512972

اب اگر کوئی شخص کہے کہ یہ امریکہ کے ایجنٹ ہیں جو علیؑ ولی اللہ پڑھتے ہیں تو اسے چاہیے مستدرک الوسائل میں محدث نوری نے جو تشہد امام رضاؑ لکھا ہے اور حدائق الناضرہ میں محدث یوسف بحرانی نے تشہد امام رضاؑ لکھا ہے وہ پڑھ لے اس کے بعد خود اپنے ضمیر بے ضمیر کو جھنجھوڑ کر فیصلہ دے کہ آیا یہ سارے بزرگ علماء امریکی ایجنٹ تھے اور اُس زمانے میں جب امریکہ کا وجود ہی نہیں تھا۔ کیا یہ سارے بزرگ علماء کی توہین نہیں ہے اُن کی شان میں گستاخی نہیں ہے کہ وہ علیؑ ولی اللہ لکھ گئے اور ہر علیؑ ولی اللہ

لکھنے والا یا پڑھنے والا امریکی ایجنٹ ہے۔

ارے بے دین مولویو! علماء کی شان میں گستاخی تو نہ کرو یہ علماء پر تہمت ہے۔

شرم مگر تم کو کچھ آتی نہیں۔

کیوں دشمنی ہے تم کو علیؑ و حسینؑ سے
فرصت ملے تو پوچھ اپنے والدین سے

(شہید محسن نقویؒ)

ہم موالی روز و شب دشمنوں سے لڑتے رہے
اور یہ ملّاں حق میں باطل کی صدا لکھتا رہا
قصرِ شاہی کے کنارے پر ہے فتوے کی دکان
مولوی ہر دور میں بِکتا رہا بکتا رہا

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38- غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

## ضروری وضاحت:

بعض لوگ کہتے ہیں کہ علیؑ ولی اللہ تو جائز ہے مگر نماز میں مستحب ہے۔ یہ مولویوں کی اپنی رائے ہے اگر مستحب ہوتا تو اللہ حارث بن نعمان فہری پر عذاب کیوں نازل کرتا اگر مستحب ہوتا تو اللہ اپنے محبوب کو کیوں فرماتا اگر ولایت علیؑ کا اعلان نہ کیا تو تم نے میری رسالت کا کچھ بھی پیغام نہیں پہنچایا اگر یہ مستحب تھا تو اللہ نے اس کے بغیر اپنا دین نامکمل کیوں بتایا۔ جب اللہ تعالیٰ اپنے دین کو بغیر ولایت علیؑ کے مکمل نہیں سمجھتا تو اپنی وعبادات کو بغیر ولایت کیسے مکمل سمجھے گا جب بغیر ولایت رسول کی رسالت مکمل نہیں ہے تو پھر ہماری نمازیں کیسے مکمل ہو سکتی ہیں۔

0343-8542972

امام معصومؑ کا فرمان ہے: "اللہ تعالیٰ کسی عمل کرنے والے کا عمل قبول نہیں کرتا ولایت علی کے بغیر"۔ (امالی شیخ صدوق)

"ولایت و امامت آئمہؑ کے بغیر تمام اعمال و عبادات باطل ہیں"۔ (آداب نماز آغا خمینی، ص 201)

انصاف سے فیصلہ کیجیے کیا نماز عبادت نہیں ہے کیا نماز عمل نہیں ہے کیا نماز دین میں شامل نہیں ہے کیا نماز فریضہ خداوندی اور رسالت میں شامل نہیں ہے؟ اگر یہ سب کچھ ہے تو پھر باقی جگہوں پر قبول کر کے نماز میں انکار کیوں؟ کہیں سِکّوں اور کہیں رِیالوں کا چکر تو نہیں؟

ہاں بالکل ایسا ہی ہے آپ تمام مولویوں کو جمع کر کے اُن کے سروں پر قرآن رکھ کر پوچھیں کیا تمہیں ہر مہینے تنخواہ نہیں ملتی ہر مہینے مدارس سے وظیفہ نہیں ملتا شہریہ نہیں ملتا؟ اگر علیؑ ولی اللہ پڑھیں گے تو ان کے خدا ناراض ہوجائیں گے کیونکہ ان مولویوں کا رزق بڑے مولویوں کے پاس ہے۔

تُراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0345-8512972

# نماز میں ہاتھ کھولنا

شیعیانِ حیدرؑ کرار اپنے پیشوایانِ دین یعنی آئمہ معصومین علیہم السلام کی اتباع میں ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے ہیں اور اس بات کا بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ امام مالک کے ماننے والے اہلسنت برادران ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے ہیں جن کا عملی ثبوت حج کے موقع پر آئے ہوئے سوڈانی اور مصری مالکی حضرات ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے ہیں دیکھا جاسکتا ہے۔

علامہ معین لاہوری، جوکہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے شاگرد تھے اپنی کتاب دراسات اللبیب میں لکھتے ہیں کہ اہل مدینہ سب کے سب ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے اور اجماع اہل مدینہ حجت ہے اور امام مالک کی ہاتھ کھول کر نماز پڑھنے کی دلیل یہی اجماع ہے۔ (دراسات، ص ۳۴۰)

امام شافعی بھی ان کے عمل کو غیروں کی حدیثوں پر ترجیح دیتے تھے بلکہ امام شافعی نے ہاتھ کھول کر نماز پڑھنے کو جائز لکھا ہے بحوالہ میزان کبریٰ، ص ۱۳۸ عام لوگوں کیلئے ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا ہر حال میں اولیٰ وانسب ہے۔ (میزان کبریٰ، ص ۱۲۸)

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کے بارے ارشاد فرمایا کہ:

وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللَّهِ مَغْلُولَةٌ ۚ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا

بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ .....(سورۂ مائدہ، آیت ٦٤)

ترجمہ: ''اور یہود نے کہا کہ اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے اُنہی (یہودیوں) کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں اور جو کچھ انہوں نے کہا اُس کے سبب سے اُن پر لعنت کی گئی بلکہ اُس کے ہاتھ کھلے ہوئے ہیں''۔

امام بیضاوی اور علامہ زمخشری اپنی تفاسیر میں لکھتے ہیں کہ اس آیت میں خدا نے یہودیوں کے حق میں بددعا کی ہے کہ یہ کہنے کے جرم میں کہ اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے ان یہودیوں کے ہاتھ بندھیں۔ دنیا میں قیدی ہو کر جہنم میں جانے کے وقت۔ یہاں استدلال ہوتا ہے کہ ہاتھوں کو کھلا رکھنا اللہ کے نزدیک عزت کی حالت ہے اور بندھے رہنا اللہ کے نزدیک ذلت کی علامت ہے اور یہ سزا مجرموں کیلئے تجویز کی جاتی ہے جیسا کہ اللہ نے یہودیوں کے جرم کی سزا میں تجویز کیا۔

جیسا کہ 29 پارہ سورۃ الحاقہ، آیت 30 میں ہے خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ یعنی اس کو پکڑو اور اس کو باندھو۔ ایک مولوی صاحب نے میرے استاد محترم علامہ سیّد فضل عباس نقوی مدظلہ سے کہا کہ ہم گنہگار ہیں، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مجرموں کی طرح کھڑے ہوں تو اچھا ہے میرے استاد محترم نے جواب میں فرمایا مولوی صاحب اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو مجرموں کی طرح دیکھنا پسند نہیں کرتا۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: اَفَنَجۡعَلُ الۡمُسۡلِمِیۡنَ کَالۡمُجۡرِمِیۡنَ وَمَا لَکُمۡ کَیۡفَ تَحۡکُمُوۡنَ (سورۂ قلم 36,35 پارہ 29) کیا ہم مسلمانوں کو مُجرِموں کی طرح بنادیں۔ کیا ہو گیا تم کو کیسی بات کہتے ہو۔ اور نماز پڑھنا خدا کی اطاعت، فرماں برداری بھلائی اور کارِخیر ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں جگہ جگہ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ۔ نماز قائم کرو نماز کے لیے سیدھے کھڑے ہو، سیدھے کھڑے ہو کر نماز پڑھ۔

سیدھا کھڑا ہونا بغیر کسی حکم کے ہاتھ کھلے ہی کھڑا ہونا ہے اور یہ کہنا لغو اور بے معنی ہے کہ نماز میں ہاتھ کھول کر کھڑے ہوں اگر انسان کے ہاتھ بندھے ہوئے ہوتے یا ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا اس کی فطرت ہوتا تو پھر یہ حکم دیا جاتا کہ ہاتھ کھول کر کھڑے ہوں کھلے ہاتھوں کو کیسے کھولنے کا حکم دیا جاسکتا ہے۔ سیدھا کھڑے ہونے میں یہ صریح کا حکم موجود ہے اگر نماز میں خلاف فطرت ہاتھ بندھوانے منظور ہوتے تو اللہ تعالیٰ فرماتا کہ ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوں اور یہ کہنا واجب ہوتا لیکن اللہ نے ایسا نہیں فرمایا۔ لہٰذا قرآن میں جتنی آیات میں نماز قائم کرو کا ذکر ہے وہ آیتیں نماز میں ہاتھ کھولنے پر صاف دلالت کرتی ہیں نہ کہ ہاتھ باندھنے پر۔ قرآن میں جگہ جگہ نماز پڑھنے کا حکم ہے۔

0345-8512972

رسول پاکؐ نے فرمایا: صَلُّوْا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ جس طرح مجھے نماز پڑھتا دیکھتے ہو اسی طرح نماز پڑھو۔ فتاویٰ شیخ عبدالحئیؒ لکھوانی جلد اول، ص ۳۲۶ طبع اول میں تحریر ہے کہ معاذ بیان کرتے ہیں۔ جب آنحضرتؐ نماز پڑھنے کھڑے ہوتے تو تکبیر کہتے وقت ہاتھوں کو کانوں تک بلند کرتے اور پھر اُن کو کھلا چھوڑ دیتے تھے۔

دوسری روایت ہے کہ آنحضرتؐ اور آپؐ کے اصحاب ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے یہاں تک کہ انگلیوں کے سرے میں خون اتر آتا۔ بحوالہ عینی شرح کنزالدقائق، ص ۲۵۰۔ ایک آیتِ قرآن بطور دلیل حاضر ہے:

0345-8512972

قُلْ اَمَرَ رَبِّیْ بِالْقِسْطِ وَاَقِیْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۵ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ

(پارہ 8 سورۂ اعراف، آیت ۲۹) ترجمہ: ''کہہ دیجیے کہ میرے پروردگار نے مجھے عدل کا حکم دیا ہے اور یہ کہ ہر نماز کے وقت اپنے چہرے قبلہ کی طرف سیدھے کرلیا کرو اور دین کو اُسی کیلئے خالص سمجھ کر اُسے پکارو جس طرح اُس نے تمھیں پیدا کیا اُسی طرح اس کے حضور پلٹ کر جاؤ گے''۔

اس آیت میں اللہ نے نماز کے حکم کے ساتھ فرمایا کہ جیسے پیدا ہوئے

ہو اور جیسے اس کی بارگاہ میں پلٹ کر جاؤ گے۔کوئی انسان نہ ہاتھ باندھ کر پیدا ہوا اور نہ ہاتھ باندھ کر مرتا ہے۔لہٰذا اللہ تعالیٰ کی منشاء (مرضی) یہی ہے کہ نماز کیلئے ہاتھ کھول کر کھڑے ہوں جب کوئی شخص مرتا ہے تو اس کے ہاتھ کُھلے ہوتے ہیں اور بروزِ محشر بھی سب کے ہاتھ کھلے ہوں گے اور ہاتھ باندھ کر نماز پڑھنے کے بارے قرآن کی آیت نہیں ہے۔حتیٰ کہ پورے قرآن میں اس کے بارے کوئی اشارہ بھی نہیں ہے۔ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا حکمِ خدا ہے اور سنتِ رسولؐ ہے۔

دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0345-8512972

امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک آدمی نماز میں داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھتا ہے۔یہ کیسا ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: تکفیر ہے ایسا مت کرو یہ مجوسیوں کا طریقہ ہے۔

(تہذیب، جلد 1) مسلمانوں میں ہاتھ باندھنے کی رسم کہاں سے آئی ذرا اس پر غور کریں۔حضرت عمر کے زمانے میں فتح قادسیہ کے موقع پر جب مجوسی جنگ ہار گئے جو لوگ قتل ہونے سے بچ گئے انہیں قیدی بنا کر حضرت عمر کے دربار میں لایا گیا تو ان کی اس وقت یہ حالت تھی کہ ہاتھ سینے پر بندھے ہوئے تھے اور گردنیں جھکی ہوئی تھیں حضرت عمر کو اُن کی یہ حالت بہت پسند آئی اور حکم دیا کہ مسلمانوں کو چاہیے کہ اسی حالت میں خدا کی بندگی کریں کہ

اس سے عاجزی وانکساری ظاہر ہوتی ہے چنانچہ اس کے بعد ہاتھ باندھنے کا رواج ہوا۔ (بحوالہ الاوائل، ابو بلال عسکری)

جس طرح قرآن میں وضو کا طریقہ موجود ہے بالکل اسی طرح قرآن میں نماز پڑھنے کا طریقہ موجود ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یُسَبِّحُ لَہٗ مَن فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّیْرُ صَافَّاتٍ کُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَہٗ وَتَسْبِیْحَہٗ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ○ (سورۂ نور، آیت 41 پارہ 18)

0345-8512972

''کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جتنی مخلوقات آسمان اور زمینوں میں ہے اور پرندے بھی پر کھول کر اللہ کی تسبیح کرتے ہیں سب کے سب اپنی نماز اور تسبیح کا طریقہ خوب جانتے ہیں اور جو کچھ یہ کیا کرتے ہیں اللہ اس سے خوب واقف ہے''۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اڑتے ہوئے پرندوں کی مثال دے کر طریقہ نماز کا مسئلہ سمجھا دیا ہے کہ اُڑتے ہوئے پرندے پر کھول کر اللہ کی عبادت کرتے ہیں پرندوں کے ہاتھ اُن کے پر ہیں پرندے ہاتھ کھول کر بندگی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے پرندوں کا ذکر خصوصیت سے کر کے طریقہ

نماز سمجھا دیا ورنہ دیگر مخلوقات میں پرندے بھی آتے تھے پرندوں کا علیحدہ سے خاص طور پر ذکر کیوں کیا فقط جاہل لوگوں پر واضح کرنا تھا تا کہ ہر شخص کو عبادت کا طریقہ معلوم ہو جائے۔

اسی طرح سورۂ توبہ میں ارشاد خداوندی ہے کہ:

اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَ يَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ○

ترجمہ: ”منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے کی باہم جنس ہیں لوگوں کو بُرے کام کا حکم دیتے ہیں اور نیک کاموں سے روکتے ہیں اور اپنے ہاتھ باندھے رکھتے ہیں“۔(سورۂ توبہ، آیت 67 پارہ نمبر 10)

0345-8512972

اس آیت میں ہاتھ باندھنے والوں کو اللہ نے منافق کہا ہے اور جو خدا کے نزدیک منافق ہو اس کا نتیجہ قرآن میں واضح ہے۔صاحب کتاب تنویر العینین، ص 21 پر لکھتے ہیں اصل حکم نماز میں ہاتھ کھول کر پڑھنے کا ہے لیکن روافض شیعوں سے مشابہ ہونے کے باعث اس ترک کر دیا گیا ہے حکم تو ہاتھ کھولنے ہی کا ہے یہ قرنِ اوّل یعنی رسول اکرم کے زمانے میں مشہور تھا۔اور

اسی ہاتھ کھولنے پر قرنِ آخر کے علماء کی اکثریت نے اتفاق کر رکھا ہے اور یہ بھی کہتے ہیں کہ ان شہروں میں یہ فعل یعنی ہاتھ کھولنا روافض سے مشابہ ہونے کی وجہ سے ابو حنیفہ کے پیروکاروں نے چھوڑ دیا پس اس فعل پر باقی نہ رہے سوائے شیعہ کے۔

اہلحدیث کے مشہور عالم علامہ وحید الزمان لکھتے ہیں ''یعنی جو یہ کہتا ہے کہ ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا شیعوں کا شعار ہے تو وہ غلطی پر ہے اور رائے میں شیعوں ہی کا نہیں بلکہ تمام اہل اسلام کا یہی عمل رہا ہے۔ خصوصاً زمانۂ رسولؐ میں تمام صحابہ اس پر عمل کرتے تھے اور ہاتھ باندھنے کا کہیں نام بھی نہیں تھا''۔(ھدیہ المہدی، جلد 4، ص 126: فلک النجاۃ)

0345-8512972

## تراویح

اسی طرح تراویح کے بارے میں ہے کہ سب سے پہلے حضرت عمر نے یہ بدعت ایجاد کی ایک رات وہ گشت کرتے ہوئے مسجد نبوی میں آئے دیکھا کہ لوگ رمضان کے نوافل الگ الگ ادا کر رہے ہیں ۔ یہ دیکھ کر حضرت عمر نے کہا کتنا اچھا ہوتا اگر میں انہیں ایک امام کے پیچھے کھڑا کر دیتا۔

چنانچہ ابی بن کعب کو حکم دیا کہ وہ رمضان میں لوگوں کو باجماعت یہ

نوافل پڑھائیں حسب معمول جب دوسری رات گشت کرتے ہوئے وہاں پہنچے اور لوگوں کو جماعت کے ساتھ یہ نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو خوش ہوکر کہا نِعْمَ الْبِدْعَةِ هٰذِهٖ ''یہ بڑی اچھی بدعت ہے''۔ بحوالہ (بخاری شریف، جلد 3، ص 58 باب فضل من قام رمضان)

ہاتھ باندھنے کے بارے بعض لوگ کہتے ہیں کہ رسول پاکؐ ہاتھ باندھ کر نماز پڑھتے تھے پیچھے منافق بھی کھڑے ہوتے جب رسول پاکؐ سجدے میں جاتے منافق بغلوں سے بُت نکال کر انہیں سجدہ کرتے پھر اللہ نے حکم دیا کہ ہاتھ کھول کر نماز پڑھو۔ تب رسولؐ نے ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا شروع کیا۔

0345-8512972

اب میں ان لوگوں سے پوچھتا ہوں کہ کیا رسولؐ نے پھر ہاتھ باندھنے کا حکم دیا؟ کیا یہ نافرمانی حکم اللہ و رسولؐ نہیں ہے؟ جبکہ ہمارے عقیدے کے مطابق نبیؐ ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے اور ہاتھ کھول کر ہی ہمیں نماز پڑھنے کا حکم دیا جو شخص اللہ، رسولؐ اور اہل بیتؑ کا ماننے والا ہے اُسے اُن کے حکم کے مطابق نماز پڑھنی چاہیے۔

ضروری نوٹ: فضل بن شاذان روایت کرتے ہیں کہ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ سوائے اہل ولایت کے کسی کی اقتداء میں نماز نہ پڑھو۔ (وسائل الشیعہ جلد ۵، نماز اہل بیتؑ، ص ۱۱۱)

# سورۂ فاتحہ کی اپیل

تمام مومنین کرام سے اپیل کی جاتی ہے کہ ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور تین مرتبہ سورہ قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ پڑھ کر تمام شہداء ملت جعفریہ بالخصوص شہداءِ مونڈ کا و ڈیرہ غازی خان اور مندرجہ ذیل مومنین مرحومین کی روح کو بخش دیں (شکریہ)

- اُستاذی المکرم علامہ مولانا کرم حسین صابری مرحوم
- مخدوم سید عبداللہ شاہ مرحوم آف چوٹی
- مبلغ اعظم علامہ مولانا محمد اسماعیل مرحومؒ
- علامہ مولانا قاضی سعید الرحمٰن علویؒ مرحوم
- علامہ مولانا کاظم حسین اثیر جاڑوی شہید
- علامہ مولانا فاضل حسین علوی شہیدؒ
- ذاکر خان جلال حسین خان بلوچ مرحوم
- علامہ ارشاد علی زرداری مرحوم
- شہید محسن نقوی شہید شاعر اہلِ بیتؑ
- عاشق حسین برمانی مرحوم
- علامہ عرفان حیدر عابدی مرحوم
- علامہ نثار عباس نقوی الجہادی مرحوم
- سید مختار حسین نقوی مرحوم آف ملتان
- مولانا مولوی غلام حسین قریشی مرحوم
- مولانا حافظ نور احمد قریشی مرحوم
- ذاکر زوار غلام حیدر قریشی مرحوم
- ماسٹر ضمیر حسین قریشی مرحوم
- میاں نذر حسین قریشی مرحوم
- میاں صابر حسین قریشی مرحوم
- مولانا مولوی محمد حسین سیف مرحوم
- فرحت عباس سانگھی (مرحوم)
- شہید وکیلِ زہراؑ علامہ ناصر عباس ملتان

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0345-8512972

# حدیثِ کساء

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

عَنْ جَابِرِابْنِ عَبْدِاللّٰہِ اْلاَنْصَارِی عَنْ فَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ عَلَیْھَا

جابر ابن عبداللہ انصاری — بی بی فاطمہ زہرا علیہا السلام

السَّلاَمُ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلیَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ قَالَ سَمِعْتُ

بنت رسول اللہؐ سے روایت کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں کہ میں نے

فَاطِمَۃَ اَنَّھَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ اَبِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فِیْ بَعْضِ اْلاَیَّامِ

جناب فاطمۃ الزہرا علیہا السلام سے سنا ہے کہ فرما رہی تھیں کہ ایک دن میرے بابا جان جناب رسولِؐ خدا

فَقَالَ السَّلاَمُ عَلَیْکِ یَافَاطِمَۃُ فَقُلْتُ عَلَیْکَ السَّلاَمُ قَالَ اِنِّیْ

0345-8512972

میرے گھر تشریف لائے اور فرمانے لگے سلام ہو تم پر اے فاطمہؑ میں نے جواب دیا آپ پر بھی سلام ہو پھر آپ نے فرمایا

اَجِدُ فِیْ بَدَنِیْ ضُعْفًا فَقُلْتُ لَہٗ اُعِیْذُکَ بِاللّٰہِ یَآاَ بَتَاہُ مِنَ الضُّعْفِ

میں اپنے جسم میں کمزوری محسوس کر رہا ہوں میں نے عرض کی خدا نہ کرے جو آپ میں کمزوری آئے

فَقَالَ یَافَاطِمَۃُ اِیْتِیْنِیْ بِالْکِسَآءِ الْیَمَانِیْ فَغَطِّیْنِیْ بِہٖ فَاَتَیْتُہٗ

آپ نے فرمایا اے فاطمہؑ مجھے ایک یمنی چادر لا کر اوڑھ دو تب میں یمنی چادر لے آئی اور میں نے وہ

بِالْکِسَآءِ الْیَمَانِیْ فَغَطَّیْتُہٗ بِہٖ وَصِرْتُ اَنْظُرُاِلَیْہِ وَاِذًا وَجْھُہٗ

بابا جان کو اوڑھ دی اور میں دیکھ رہی تھی کہ آپ کا چہرہ مبارک چمک رہا ہے

یَتَلاَ لَؤُکَاَ نَّہُ الْبَدْرُ فِیْ لَیْلَۃِ تَمَامِہٖ وَکَمَالِہٖ فَمَاکَانَتْ اِلاَّ سَاعَۃً

جس طرح چودہویں رات کا چاند پوری طرح چمک رہا ہو پھر ایک ساعت ہی گزری تھی

وَاِذَا بِوَلَدِیَ الْحَسَنِؑ قَدْ اَقْبَلَ وَ قَالَ السَّلاَمُ عَلَیْكِ یَآ اُمَّاهُ

کہ میرے بیٹے حسنؑ وہاں آ گئے اور بولے سلام ہو آپ پر اے والدہ محترمہ!

فَقُلْتُ وَ عَلَیْكَ السَّلاَمُ یَاقُرَّةَ عَیْنِیْ وَ ثَمَرَةَ فُوَادِیْ ‘ فَقَالَ یَآ

میں نے کہا اور تم پر سلام ہو اے میری آنکھ کے تارے اور میرے دل کے ٹکڑے وہ کہنے لگے

اُمَّاهُ اِنِّیْٓ اَشَمُّ عِنْدَكِ رَآئِحَةً طَیِّبَةً کَاَنَّهَا رَآئِحَةُ جَدِّیْ رَسُوْلِ

امی جان! میں آپ کے ہاں ایک پاکیزہ خوشبو محسوس کر رہا ہوں جیسے میرے نانا جان رسولِ خدا

اللّٰهُ قُلْتَ نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ تَحْتَ الْکِسَآءِ فَاَ قْبَلَ الْحَسَنُؑ نَحْوَ الْکِسَآءِ

کی خوشبو ہو میں نے کہا ہاں تمہارے نانا جان چادر اوڑھے ہوئے ہیں۔ اس پر حسنؑ چادر کی طرف بڑھے

وَقَالَ اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ یَا جَدَّاهُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِیْٓ اَنْ اَدْخُلَ

اور کہا سلام ہو آپؐ پر اے نانا جان اے خدا کے رسولؐ! کیا مجھے اجازت ہے کہ آپ کے پاس

مَعَكَ تَحْتَ الْکِسَآءِ فَقَالَ وَعَلَیْكَ السَّلاَمُ یَاوَلَدِیْ وَیَا صَاحِبَ

چادر میں آ جاؤں؟ آپ نے فرمایا تم پر بھی سلام ہو اے میرے بیٹے اور اے میرے

حَوْضِیْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ مَعَهٗ تَحْتَ الْکِسَآءِ فَمَا کَانَتْ اِلاَّ

حوض کے مالک میں تمہیں اجازت دیتا ہوں پس حسنؑ آپ کے ساتھ چادر میں پہنچ گئے پھر ایک

سَاعَةٌوَّ اِذَا بِوَلَدِیَ الْحُسَیْنِؑ قَدْ اَقْبَلَ وَقَالَ السَّلاَمُ عَلَیْكِ

ساعت گزری تھی کہ میرے بیٹے حسینؑ بھی آ گئے اور کہنے لگے سلام ہو آپ پر

یَآ اُمَّاهُ فَقُلْتُ وَعَلَیْكَ السَّلاَمُ یَاوَلَدِیْ وَیَا قُرَّةَ عَیْنِیْ وَثَمَرَةَ

اے والدہ محترمہ! تب میں نے کہا اور تم پر بھی سلام ہو اے میرے بیٹے، میری آنکھ کے تارے اور میرے

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0345-8512972

فُؤَادِیْ ' فَقَالَ لِیْ یَآ اُ مَّاہُ اِنِّیْ اَشَمُّ عِنْدَكِ رَآئِحَةً طَیِّبَةً كَاَنَّهَا

لختِ جگر اس پر وہ مجھ سے کہنے لگے: امی جان! میں آپ کے ہاں پاکیزہ خوشبو محسوس کر رہا ہوں جیسے

رَائِحَةُ جَدِّیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ فَقُلْتُ نَعَمْ اِنَّ

میرے نانا جان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشبو ہو میں نے کہا ہاں تمہارے

جَدَّكَ وَ اَخَاكَ تَحْتَ الْكِسَآءِ فَدَنَی الْحُسَیْنُؑ نَحْوَ الْكِسَآءِ وَ

نانا جان اور بھائی جان اس چادر میں ہیں پس حسینؑ چادر کے نزدیک آئے اور

قَالَ السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا جَدَّاہُ السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَنِ اخْتَارَہُ اللّٰهُ

بولے سلام ہو آپ پر اے نانا جان! سلام ہو اے نبی وہ نبی جسے خدا نے منتخب کیا ہے

اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمَا تَحْتَ الْكِسَآءِ فَقَالَ وَعَلَیْكَ السَّلَامُ

کیا مجھے اجازت ہے کہ میں دونوں کے ساتھ چادر میں داخل ہو جاؤں؟ آپؐ نے فرمایا اور تم پر بھی سلام ہو

یَا وَلَدِیْ وَیَا شَافِعَ اُمَّتِیْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ مَعَهُمَا تَحْتَ

اے میرے بیٹے اور اے میرے امت کی شفاعت کرنے والے میں تمہیں اجازت دیتا ہوں تب حسینؑ ان دونوں کے پاس

الْكِسَآءِ فَاَقْبَلَ عِنْدَ ذٰلِكَ اَبُوالْحَسَنِ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍؑ عَلَیْهِ

چادر میں چلے گئے اس کے بعد ابوالحسن علیؑ ابن ابی طالبؑ بھی وہاں پہنچ گئے

السَّلَامُ وَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ وَ عَلَیْكَ

اور بولے سلام ہو آپؑ پر اے رسول خداؐ کی دختر! میں نے کہا آپ پر بھی

السَّلَامُ یَآ اَبَا الْحَسَنِؑ وَیَآ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ فَقَالَ یَا فَاطِمَةُ

سلام ہو اے ابوالحسنؑ اے مومنوں کے امیر وہ کہنے لگے اے فاطمہؑ!

اِنِّیْ اَشَمُّ عِنْدَكِ رَآئِحَةً طَيِّبَةً كَاَنَّهَا رَآئِحَةُ اَخِیْ وَ ابْنَ عَمِّیْ

میں آپ کے ہاں پاکیزہ خوشبو محسوس کر رہا ہوں جیسے میرے برادر میرے چچا زاد بھائی

رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ نَعَمْ هَا هُوَ مَعَ وَلَدَيْكَ تَحْتَ الْكِسَآءِ فَاَقْبَلَ

اور رسول خدا کی خوشبو ہو میں نے جواب دیا ہاں وہ آپ کے دونوں بیٹوں سمیت چادر کے اندر ہیں پھر

عَلِیٌّ نَحْوَ الْكِسَآءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِیْ

علیؑ چادر کے قریب ہوئے اور کہا سلام ہو آپؐ پر اے خدا کے رسولؐ کیا مجھے اجازت ہے کہ میں

اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمْ تَحْتَ الْكِسَآءِ قَالَ لَهٗ وَ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا اَخِیْ

بھی آپ تینوں کے ساتھ چادر میں آجاؤں؟ آپؐ نے ان سے کہا اور تم پر بھی سلام، اے میرے بھائی

وَيَا وَصِيِّیْ وَخَلِيْفَتِیْ وَصَاحِبَ لِوَآئِیْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ عَلِیٌّ

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0343-8512572

میرے قائم مقام میرے جانشین اور میرے علمبردار میں تمہیں اجازت دیتا ہوں پس علیؑ بھی

تَحْتَ الْكِسَآءِ ثُمَّ اَتَيْتُ نَحْوَ الْكِسَآءِ وَقُلْتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

چادر میں پہنچ گئے پھر میں چادر کے نزدیک آئی اور میں نے کہا سلام ہو آپ پر

اَبَتَاهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمْ تَحْتَ الْكِسَآءِ

باباجان اے خدا کے رسولؐ کیا! آپ اجازت دیتے ہیں کہ میں بھی آپ کیساتھ چادر میں آجاؤں؟

قَالَ وَعَلَيْكِ السَّلَامُ يَا بِنْتِیْ وَيَا بَضْعَتِیْ قَدْ اَذِنْتُ لَكِ فَدَخَلْتُ

آپؐ نے فرمایا اور تم پر بھی سلام ہو، اے میری بیٹی اور میری پارہ جگر میں نے تمہیں اجازت دی تب میں بھی

تَحْتَ الْكِسَآءِ فَلَمَّا اكْتَمَلْنَا جَمِيْعًا تَحْتَ الْكِسَآءِ اَخَذَ اَبِیْ رَسُوْلُ

چادر میں داخل ہوگئی پس جب ہم سب اہلبیتؑ چادر کے نیچے جمع ہو گئے تو میرے بابا رسول خدا نے

اللّٰهِ بِطَرَفَيِ الْكِسَآءِ وَاَوْمٰى بِيَدِهِ الْيُمْنٰى اِلَى السَّمَآءِ وَقَالَ اللّٰهُمَّ

چادر کے دونوں سرے تھامے اور دائیں ہاتھ سے آسمان کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: اے خدا

اِنَّ هٰؤُلَآءِ اَهْلُ بَيْتِيْ وَخَآصَّتِيْ وَحَامَّتِيْ لَحْمُهُمْ لَحْمِيْ وَدَمُهُمْ

یقیناً یہ ہیں میرے اہلبیتؑ میرے خاص لوگ اور میرے حامی ان کا گوشت میرا گوشت اور ان کا خون

دَمِيْ يُؤْلِمُنِيْ مَايُؤْلِمُهُمْ وَ يَحْزُنُنِيْ مَايَحْزُنُهُمْ اَنَا حَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبَهُمْ

میرا خون جو انہیں ستائے وہ مجھے ستاتا ہے اور جو انہیں رنجیدہ کرے وہ مجھے رنجیدہ کرتا ہے جو ان سے لڑے میں بھی اس سے لڑوں گا

وَسِلْمٌ لِّمَنْ سَالَمَهُمْ وَعَدُوٌّ لِّمَنْ عَادَاهُمْ وَمُحِبٌّ لِّمَنْ اَحَبَّهُمْ

جو ان سے صلح رکھے میں بھی اس سے صلح رکھوں گا میں ان کے دشمن کا دشمن اور ان کے دوست کا دوست ہوں

اِنَّهُمْ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُمْ فَاجْعَلْ صَلَوٰاتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ وَ رَحْمَتَكَ

کیونکہ وہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں پس اے خدا تو اپنی عنائتیں اور اپنی برکتیں اور اپنی رحمت

وَ غُفْرَانَكَ وَ رِضْوَانَكَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ وَاَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ

اور اپنی بخشش اور اپنی خوشنودی میرے اور ان کے لئے قرار دے اور ان سے ہر قسم کی نجاست کو دور رکھ

وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا، فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَا مَلآئِكَتِيْ وَيَا سُكَّانَ

اور ان کو اس طرح پاک رکھ جس طرح پاک رکھنے کا حق ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے میرے فرشتو اے

سَمٰوٰاتِيْ اِنِّيْ مَاخَلَقْتُ سَمَآءً مَّبْنِيَّةً وَّ لَا اَرْضًا مَدْحِيَّةً وَّلَا قَمَرًا

آسمان میں رہنے والو بے شک میں نے یہ مضبوط آسمان پیدا نہیں کیا اور نہ پھیلی ہوئی زمین، نہ چمکتا ہوا چاند

مُنِيْرًا وَّلَا شَمْسًا مُّضِيْئَةً وَّلَا فَلَكًا يَّدُوْرُ وَلَا بَحْرًا يَّجْرِيْ وَلَا فُلْكًا

نہ روشن تر سورج، نہ گھومتے ہوئے سیارے، نہ تھکتا ہوا سورج اور نہ تیرتی ہو کشتی

يَسْرِىْ اِلاَّ فِىْ مَحَبَّةِ هٰؤُلآءِ الْخَمْسَةِ الَّذِيْنَ هُمْ تَحْتَ الْكِسَآءِ

مگر یہ سب چیزیں ان پانچ نفوس کی محبت میں پیدا کی گئی ہیں جو اس چادر کے نیچے ہیں،

فَقَالَ اَلْاَمِيْنُ جِبْرَائِيْلُؑ يَاَ رَبِّ وَمَنْ تَحْتَ الْكِسَآءِ فَقَالَ

اس پر جبرائیل امین نے پوچھا اے پروردگار! اس چادر میں کون لوگ ہیں؟

عَزَّوَجَلَّ هُمْ اَهْلُ بَيْتِ النُّبُوَّةِ وَ مَعْدِنُ الرِّسَالَةِ هُمْ فَاطِمَةُ

خدائے عزوجل نے فرمایا کہ نبیؐ کے اہل بیتؑ اور رسالت کا خزینہ ہیں یہ فاطمہؑ

وَ اَبُوْهَاؑ وَ بَعْلُهَاؑ وَ بَنُوْهَاؑ فَقَالَ جِبْرَائِيْلُ يَارَبِّ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ

اور ان کے بابا جان اور ان کے شوہر، اور ان کے دو بیٹے ہیں تب جبرائیل نے کہا اے پروردگار! کیا مجھے اجازت

اَهْبِطَ اِلَى الْاَرْضِ لِاَكُوْنَ مَعَهُمْ سَادِسًا فَقَالَ اللهُ نَعَمْ قَدْ

ہے کہ زمین پر اتر جاؤں تا کہ ان میں شامل ہو کر چھٹا فرد بن جاؤں؟ خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہاں ہم نے تمہیں

اَذِنْتُ لَكَ فَهَبَطَ الْاَمِيْنُ جِبْرَائِيْلُؑ وَ قَالَ السَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا

اجازت دی پس جبرائیل زمین پر اتر آئے اور عرض کی: سلام ہو آپؐ پر اے

رَسُوْلَؐ اللهِ الْعَلِيُّ الْاَعْلٰى يُقْرِئُكَ السَّلاَمُ وَ يَخُصُّكَ بِالتَّحِيَّةِ

خدا کے رسولؐ! خدائے بلند و برتر آپ کو سلام کہتا ہے اور آپؐ کو درود اور بزرگواری سے خاص کرتا ہے

وَالْاِكْرَامِ وَ يَقُوْلُ لَكَ وَ عِزَّتِيْ وَجَلاَلِيْ اِنِّيْ مَا خَلَقْتُ سَمَآءً مَّبْنِيَّةً

اور آپؐ سے کہتا ہے مجھے اپنے عزت و جلال کی قسم کہ بے شک میں نے تمہیں پیدا کیا مضبوط آسمان

وَّ لاَ اَرْضًا مَّدْحِيَّةً وَّلاَ قَمَراً مُّنِيْراً وَّلاَ شَمْساً مُّضِيْئَةً وَّ وَلاَ فَلَكاً

اور نہ پھیلی ہوئی زمین نہ چمکتا ہوا چاند، نہ روشن تر سورج نہ گھومتے ہوئے سیارے،

تراب پبلیکیشنز دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38 غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور 0345-8512972

يَدُوْرُ وَ لاَ بَحْرًا يَّجْرِيْ وَلاَ فُلْكاً يَّسْرِيْ اِ لاَّ لِاَجْلِكُمْ وَ مُحَبَّتِكُمْ

نہ چھلکتا ہوا سمندر، اور تیرتی ہوئی کشتی مگر سب چیزیں تم پانچوں کی محبت میں پیدا کی ہیں

قَدْ اَذِنَ لِيْ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ فَهَلْ تَاذَنُ لِيْ يَارَسُوْلَ اللهِ فَقَالَ

اور خدا نے مجھے اجازت دی ہے کہ آپ کے ساتھ چادر میں داخل ہوجاؤں تو اے خدا کے رسول کیا آپ اجازت دیتے ہیں؟ تب

رَسُوْلُ اللهِ وَعَلَيْكَ السَّلاَمُ يَاآَمِيْنَ وَحْيِ اللهِ اِنَّهُ نَعَمْ قَدْ

رسولِؐ خدا نے فرمایا کہ تم پر بھی سلام ہو اے خدا کی وحی کے امین! ہاں میں تمہیں اجازت دیتا ہوں

اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ جِبْرَآئِيْلُ مَعَنَا تَحْتَ الْكِسَآءِ فَقَالَ لِاَبِيْ اِنَّ

پھر جبرائیل ہمارے ساتھ چادر میں داخل ہو گئے اور میرے بابا جان سے کہا کہ یقیناً

اللهَ اَوْحٰى اِلَيْكُمْ يَقُوْلُ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

خدا آپ لوگوں کو وحی بھیجتا اور کہتا ہے واقعی خدا نے ارادہ کرلیا ہے کہ آپ لوگوں سے ناپاکی کو دور رکھے

اَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْراً فَقَالَ عَلِيٌّ لِاَبِيْ يَا رَسُوْلَ اللهِ

اے اہلبیتؑ اور آپ کو پاکیزہ رکھے جس طرح پاکیزہ رکھنے کا حق ہے تب علیؑ نے میرے بابا جان سے کہا اے خدا کے رسولؐ

اَخْبِرْنِيْ مَا لِجُلُوْسِنَا هٰذَا تَحْتَ الْكِسَآءِ مِنَ الْفَضْلِ عِنْدَاللهِ

مجھے بتایئے کہ ہم لوگوں کا اس چادر کے اندر آجانا خدا کے ہاں کیا فضیلت رکھتا ہے؟

فَقَالَ النَّبِيُّ وَ الَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ نَبِيًّا وَّ اصْطَفَانِيْ بِالرِّسَالَةِ

تب رسولِؐ خدا نے فرمایا اس کی قسم جس نے مجھے سچا نبی بنایا اور لوگوں کی خاطر مجھے رسالت کے لئے چُنا

نَجِيًّا مَّاذُكِرَ خَبَرُنَا هٰذَا فِيْ مَحْفِلٍ مِنْ مَحَافِلِ اَهْلِ الْاَرْضِ وَ فِيْهِ

اہل زمین کی محفلوں میں سے جس محفل میں ہماری یہ حدیث بیان کی جائے اور اس میں

تراب پبلیکیشنز
دوکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38- غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0345-8512972

جَمْعٌ مِنْ شَيْعَتِنَا وَمُحِبِّيْنَا اِلَّا وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ الرَّحْمَةِ وَحَفَّتْ

ہمارے شیعہ اور دوست دار جمع ہوں گے تو ان پر خدا کی رحمت نازل ہوگی فرشتے ان کو حلقے میں لیں گے

بِهِمُ الْمَلآئِكَةُ وَاَسْتَغْفَرَتْ لَهُمْ اِلٰى اَنْ يَّتَفَرَّقُوْا فَقَالَ عَلِيٌّ اِذًا

اور جب تک وہ لوگ محفل سے رخصت نہ ہوں گے وہ ان کے لئے بخشش کی دعا کریں گے اس پر علیؑ بولے:

وَّ اللهِ فُزْنَا وَ فَازَ شِيْعَتُنَا وَ رَبِّ الْكَعْبَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ ثَانِيًا يَا عَلِيُّ

خدا کی قسم ہم کامیاب ہو گئے اور رب کعبہ کی قسم ہمارے شیعہ بھی کامیاب ہو گئے تب رسول خدؐا نے دوبارہ فرمایا اے علیؑ

وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ نَبِيًّا وَّ اصْطَفَانِيْ بِالرِّسَالَةِ نَجِيًّا مَّا ذُكِرَ

خدا کی قسم جس نے مجھے سچا نبی بنایا اور لوگوں کی نجات کی خاطر مجھے رسالت کے لئے چنا، اہل زمین کی محفلوں

خَبَرُنَا هٰذَا فِيْ مَحْفِلٍ مِّنْ مَحَافِلِ اَهْلِ الْاَرْضِ وَ فِيْهِ جَمْعٌ مِّنْ

میں سے جس محفل ہماری یہ حدیث بیان کی جائے گی اور اس میں ہمارے شیعہ اور دوستدار جمع ہوں

شِيْعَتِنَا وَمُحِبِّيْنَا وَ فِيْهِمْ مَهْمُوْمٌ اِلَّا وَ فَرَّجَ اللهُ هَمَّهٗ وَلَا مَغْمُوْمٌ

گے تو ان میں جو کوئی دکھی ہوگا خدا اس کا دکھ دور کر دے گا جو کوئی غمزدہ ہوگا خدا اس کو غم سے

اِلَّا وَكَشَفَ اللهُ غَمَّهٗ وَلَا طَالِبُ حَاجَةٍ اِلَّا وَ قَضَى اللهُ حَاجَتَهٗ

چھٹکارا دے گا، جو کوئی حاجت مند ہوگا خدا اس کی خدا اسکی حاجت پوری کرے گا

فَقَالَ عَلِيٌّ اِذاً وَّاللهِ فُزْنَا وَ سُعِدْنَا وَكَذٰلِكَ شِيْعَتُنَا فَازُوْا وَسُعِدُوْا

تب علیؑ کہنے لگے بخدا ہم کامیابی اور برکت پائی اور رب کعبہ کی قسم کہ اسی طرح ہمارے شیعہ بھی

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

دنیا و آخرت میں کامیاب و سعادت مند ہوں گے۔

دکان نمبر 9 گراؤنڈ فلور الوہاب مارکیٹ 38 غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور 0345-8512972